Email- info@awamilalkaar.com
MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم
جلد 17 ہفتہ ،11 جولائی 2026ء ، 25 محرم الحرام 1448ھ ، قیمت 20 روپے شمارہ 86

معاشی ترقی کیلئے آسان شرائط پر مالی سہولیات کی فراہمی ناگزیر

پاکستان کی پائیدار معاشی ترقی کے لئے مختلف شعبوں کو آسان شرائط پر مالی سہولیات فراہم کی جائیں، بینک ترجیحی شعبوں بالخصوص ایس ایم ای سیکٹر کے لیے قرضوں کی فراہمی میں نمایاں اضافہ کریں

بنیادی ترجیحات میں مالی سہولیات کی فراہمی کو وسعت دینا اور اسے قومی سطح پر مرکزی دھارے کا حصہ بنانا شامل ہے، وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس

سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر جاوید قاضی محرم الحرام کے دوران بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران واہلکاروں میں تعریفی اسناد تقسیم کررہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان کی پائیدار معاشی ترقی کے لیے مختلف شعبوں کو آسان شرائط پر مالی سہولیات کی فراہمی کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ بینک ترجیحی شعبوں بالخصوص ایس ایم ای سیکٹر کے لیے قرضوں کی فراہمی میں نمایاں اضافہ کریں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت پاکستان میں ایکسیس ٹو فائنانس کے فروغ کے حوالے سے اعلیٰ (بقیہ نمبر 31)

پروٹیکٹڈ صارفین سے متعلق پالیسی میں تبدیلی نہیں کی گئی

مسلسل 6 ماہ تک 200 یونٹس یا اس سے کم بجلی استعمال کرنے والے پروٹیکٹڈ صارفین ہی رہیں گے

پروٹیکٹڈ صارفین سے متعلق پالیسی میں تبدیلی کے حوالے سے پاور ڈویژن کا اہم بیان

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پروٹیکٹڈ صارفین سے متعلق پالیسی میں تبدیلی کے حوالے سے پاور ڈویژن کا اہم بیان سامنے آگیا پاور ڈویژن نے انجباری کردہ بیان میں کہا کہ پروٹیکٹڈ صارفین سے متعلق پالیسی میں تبدیلی نہیں کی گئی، مسلسل 6 ماہ تک 200 یونٹس (بقیہ نمبر 32)

سوشل میڈیا کا غیر محفوظ استعمال سنگین مسائل کا باعث بن گیا

ابتدائی عمر میں اسکرین کا زیادہ استعمال بچوں کی ذہنی، سماجی اور جسمانی نشوونما پر منفی اثرات مرتب کرسکتا ہے، انتباہ

نیویارک (این این آئی) بچوں کے غیر محفوظ سوشل میڈیا استعمال نے سماجی، نفسیاتی اور سکیورٹی خطرات میں اضافہ کردیا۔ تحقیقات کے مطابق دنیا بھر میں بچوں کا سوشل میڈیا کا غیر ذمہ دارانہ استعمال کئی سماجی، نفسیاتی اور سکیورٹی (بقیہ نمبر 35)

پاکستان کیلئے 37 کروڑ 59 لاکھ ڈالر قرض کی منظوری

عالمی بینک عالمی بینک 10 سالہ توانائی پروگرام کے پہلے مرحلے کیلئے فنڈ فراہم کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) عالمی بینک نے پاکستان کیلئے 37 کروڑ، 59 لاکھ ڈالر قرض کی منظوری دیدی ہے منصوبے سے بجلی کی بندش میں کمی لانے میں مدد ملے گی۔ تفصیلات کے مطابق عالمی بینک 10 سالہ توانائی (بقیہ نمبر 34)

خواتین کے تحفظ کیلئے ٹول فری ہیلپ لائن فعال

خواتین ہراسگی، گھریلو تشدد، جسمانی تشدد یا کسی بھی ہنگامی صورتحال میں بلاخوف ہیلپ لائن پر رابطہ کرسکتی ہیں، ڈاکٹر لبنیٰ نذیر

لاہور (این این آئی) پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی نے خواتین کو فوری مدد، قانونی رہنمائی اور تحفظ کی فراہمی کے لئے 24 گھنٹے فعال ٹول فری ہیلپ لائن 080001737 شروع کر دی ہے۔ ڈی جی پنجاب ویمن (بقیہ نمبر 33)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا تلمبہ اور میاں چنوں سمیت ضلع خانیوال کے دیگر علاقوں میں بھی الیکٹرو بس سروس لانے کا اعلان

عوامی مسائل کے حل کیلئے فوری اقدامات کا حکم

خانیوال سمیت دیگر اضلاع میں الیکٹرو بس پہنچنے پر اظہار تشکر، خالق آباد تلمبہ روڈ ایس ایم لنک کے شکستہ پل کی تعمیر و مرمت جلد شروع کرنے کی ہدایت

ارکان صوبائی اسمبلی کا ضلع خانیوال میں الیکٹرو بس سروس شروع کرنے پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو زبردست خراج تحسین، شکریہ ادا کیا

خانیوال کے عوام پاکستان کی جدید ترین بس سروس کا آغاز کرنے پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو سلام پیش کرتے ہیں، عامر حیات ہراج

خانیوال، جہانیاں اور کبیروالا میں الیکٹرو بس عوام کا حق ہے، کسی کا احسان نہیں، عوام کیلئے 1500 الیکٹرو بسیں لارہے ہیں، مریم نواز شریف

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے ضلع خانیوال کے ارکان صوبائی اسمبلی نے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے ملاقات کرنے والوں میں ارکان صوبائی اسمبلی عامر حیات ہراج، چوہدری ضیاء الرحمٰن، رانا محمد سلیم، اکبر حیات ہراج، رانا بابر حسین عابد، اسامہ فضل، اصغر حیات ہراج اور دیگر شامل تھے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ملاقات کے دوران تبادلہ خیال کرتے ہوئے ارکان اسمبلی کے پیش کردہ عوامی مسائل کے حل کیلئے اقدامات کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے تلمبہ اور میاں چنوں سمیت ضلع خانیوال کے دیگر علاقوں میں بھی جلد مزید الیکٹرو بس سروس لانے کا اعلان کیا۔ ارکان صوبائی اسمبلی نے ملاقات کے دوران ملتان، وہاڑی روڈ (بقیہ نمبر 43)

سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب سینئر صحافیوں کو "کلائمیٹ واچ" اور سموگ میٹیگیشن حکمت عملی پر بریفنگ دے رہی ہیں

رواں ہفتے پٹرول، ڈیزل، ایل پی جی اور چینی کی قیمتوں میں کمی ہوئی

ایک ہفتے میں 22 اشیائے ضروریہ مہنگی ہوئیں، 8 اشیا سستی اور 21 کی قیمتیں مستحکم رہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی ادارہ شماریات نے مہنگائی سے متعلق ہفتہ وار رپورٹ جاری کردی جس کے مطابق رواں ہفتے پیٹرول، ڈیزل، ایل پی جی اور چینی کی قیمتوں میں کمی ہو، ایک ہفتے میں 22 اشیائے ضروریہ مہنگی ہوئیں، 8 اشیا سستی (بقیہ نمبر 36)

زیر تعمیر چھت گرنے سے ماں، بیٹے سمیت 3 افراد کے جاں بحق ہونے پر اظہار غم

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے فیصل آباد میں زیر تعمیر چھت گرنے سے ماں، بیٹے سمیت 3 افراد کے جاں بحق ہونے پر شدید دکھ کا اظہار (بقیہ نمبر 37)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے عہدے کی امیدوار محترمہ ریبیکا گرین سپین ملاقات کررہی ہیں

پاکستان سے پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے آئندہ 6 ماہ فیصلہ کن قرار

گلوبل پولیو اریڈیکیشن انیشیٹو کے پولیو اوورسائٹ بورڈ کے اعلیٰ سطحی وفد کا دورہ پاکستان، این ای او سی حکام کی بریفنگ

پولیو وائرس کے خاتمے کی مہم کے ساتھ ساتھ معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات کے نظام کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ایمرجنسی آپریشنز سینٹر نے کہا ہے کہ پاکستان اور دنیا بھر سے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے آئندہ 6 ماہ فیصلہ کن ہیں۔ گلوبل پولیو ایریڈیکیشن انیشیٹو کے پولیو اوورسائٹ بورڈ کے اعلیٰ سطحی وفد نے پاکستان کا دورہ کیا اور نیشنل ایمرجنسی آپریشنز سینٹر (نیشنل ای اوسی) میں انسداد پولیو پروگرام کے اعلیٰ حکام سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وفد کو ملک میں پولیو کے خاتمے کے (بقیہ نمبر 48)

بغیر ڈرائیونگ لائسنس گاڑی چلانے والوں کیخلاف گرینڈ آپریشن

ٹریفک قوانین پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے مختلف شاہراہوں اور اہم مقامات پر روزانہ خصوصی ناکہ بندیاں اور چیکنگ جاری ہے

سینکڑوں ڈرائیورز کے چالان، بغیر ڈرائیونگ لائسنس کسی بھی صورت گاڑی یا موٹر سائیکل نہ چلائیں، سی ٹی او مری

راولپنڈی (این ای این) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کے احکامات پر سٹی ٹریفک پولیس مری نے بغیر ڈرائیونگ لائسنس گاڑی چلانے والوں کے خلاف گرینڈ آپریشن مزید تیز کردیا ہے۔ چیف ٹریفک آفیسر مری منیر احمد ہاشمی کی نگرانی میں جاری خصوصی مہم کے دوران سینکڑوں موٹر سائیکل سواروں اور دیگر ڈرائیورز کے چالان کیے گئے جبکہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف (بقیہ نمبر 1)

لاہور صوبائی وزیر اوقاف و مذہبی امور چوہدری شافع حسین پنجاب قرآن بورڈ کے چیئرمین حافظ زبیر حسن کے ہمراہ بورڈ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حج رجسٹریشن، عازمین کی تعداد 2 لاکھ 96 ہزار سے تجاوز کرگئی

اسلام آباد (این این آئی) حج 2027ء تا 2030ء کیلئے آن لائن رجسٹریشن کا عمل جاری ہے، جمعہ 10 جولائی شام 4 بجے تک 2 لاکھ 96 ہزار سے زائد عازمین رجسٹریشن کروا چکے ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق سرکاری حج سکیم کیلئے 2 لاکھ 14 ہزار 653 جبکہ پرائیویٹ حج سکیم کیلئے 82 ہزار (بقیہ نمبر 38)

وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان معاشی استحکام کی جانب گامزن

حکومت صنعت دوست ماحول، سرمایہ کاری کے فروغ اور نجی شعبے کی حوصلہ افزائی کے لیے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے

ایڈیٹرز کونسل ذمہ دارانہ صحافت کو فروغ دینے میں اہم کردار کی حامل ہے، ڈائریکٹر جنرل پی آئی ڈی لاہور شفقت عباس خان

فیصل آباد (این ای این) ڈائریکٹر جنرل پی آئی ڈی لاہور شفقت عباس خان نے ایڈیٹرز کونسل سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں میڈیا ہمیشہ عوام کی آگاہی، جمہوری اداروں کے استحکام اور صحت مند مکالمے کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ ڈیجیٹل دور میں ذمہ دارانہ اور حقائق پر مبنی صحافت کی اہمیت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 3)

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری سے ملاقات کر رہے ہیں

وزیر توانائی سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی ملاقات

ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ملاقات کی جس میں پاور سیکٹر میں جاری (بقیہ نمبر 49)

لاہور، ڈائریکٹر جنرل پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ لاہور شفقت عباس خان کیساتھ ایڈیٹرز کونسل فیصل آباد کے وفد کی ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

نائب وزیراعظم سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس

اسلام آباد میں او آئی سی کی خواتین سے متعلق 9 ویں وزارتی کانفرنس کی تیاریوں کا جائزہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے 12 اور 13 جولائی کو اسلام آباد میں منعقد ہونے والی اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کی خواتین سے متعلق 9 ویں وزارتی کانفرنس کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے لئے اعلیٰ سطح کی کمیٹی (بقیہ نمبر 50)

امیر بخش ابڑو کی PIO میڈم رئیسہ عادل کو مبارکباد

امیر بخش ابڑو، انفارمیشن افسر پی آئی ڈی حیدرآباد کی میڈم رئیسہ عادل کو بطور پرنسپل انفارمیشن افسر (PIO) تعیناتی پر مبارکباد

میڈم رئیسہ عادل پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کو مزید فعال بنانے میں اپنا کلیدی کردار ادا کریں گی، امیر بخش ابڑو

حیدرآباد (این ای این) پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ (PID) حیدرآباد کے انفارمیشن افسر امیر بخش ابڑو (وشال امیر) نے انفارمیشن گروپ گریڈ 20 کی سینئر اور مایہ ناز افسر، میڈم رئیسہ عادل کو پی آئی ڈی میں پرنسپل انفارمیشن افسر (PIO) کے معزز عہدے پر تعینات ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے وشال امیر نے کہا کہ میڈم رئیسہ عادل کی پیشہ ورانہ (بقیہ نمبر 2)

کیپٹل پولیس کالج اسلام آباد میں پولیس افسران کے لئے منعقدہ ریسپانس اگیمنٹ، ایکٹو ریزسٹ انسیڈنٹ کی اختتامی تقریب کے موقع پر ایس ایس پی ایس آر اینڈ ٹریننگ کیپٹن راؤ حمزہ ہمایوں، ماہر انسٹرکٹرز اور کورس کے شرکاء کا گروپ فوٹو

یوسف رضا گیلانی سے مسلم ورلڈ لیگ کے سیکرٹری جنرل کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے مسلم ورلڈ لیگ کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر محمد بن عبدالکریم العیسیٰ کی قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی وفد نے پارلیمنٹ ہاس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان اور سعودی عرب کے برادرانہ (بقیہ نمبر 39)

پاکستان میں غیر قانونی مقیم افغان شہریوں کیلئے دی گئی ڈیڈ لائن ختم

کار آمد ویزے کے بغیر مقیم کسی بھی افغان شہری کو فوری گرفتار کیا جائیگا، حکام

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں غیر قانونی مقیم افغان شہریوں کے لیے دی گئی ڈیڈ لائن ختم ہوگئی۔ وفاقی حکومت نے 10 جولائی کی ڈیڈ لائن ختم ہونے کے بعد افغان کی ڈی پورٹیشن میں مزید تیزی لانے کا فیصلہ کیا ہے اور بغیر کار آمد ویزے کے مقیم کسی بھی (بقیہ نمبر 44)

غیر ملکی خاتون پر خواتین پولیس اہلکاروں کا مبینہ تشدد

ایس ایس پی آپریشنز نے واقعے کا نوٹس لیا اور معاملے کی انکوائری کی ہدایت کی ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں چین سے تعلق رکھنے والی خاتون نے خواتین پولیس اہلکاروں پر مبینہ تشدد کا الزام عائد کیا ہے، چینی خاتون کی چیخ و پکار اور پولیس کی جانب سے تشدد کے الزامات کی ویڈیو بھی سامنے آ گئی۔ خاتون نے الزام عائد کیا کہ (بقیہ نمبر 45)

خاتون نے اپنے ساتھ رہنے والی خاتون کے ہونٹ سی دیئے

ٹوکیو (آئی آئی پی) جاپان میں پولیس نے ایک خاتون کو اس کے ساتھ رہنے والی ہاؤس میٹ کے ہونٹ سوئی اور دھاگے سے سی دینے کے الزام میں گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق واقعے کے بعد 42 سالہ متاثرہ خاتون شہر کوگا میں واقع گھر سے (بقیہ نمبر 40)

ملک میں تربیلا و منگلا کے بعد ایک بھی بڑا ڈیم نہیں بنایا گیا

پاکستان کو پانی کی سکیورٹی کیلئے سنجیدہ کوششوں کی ضرورت ہے، چیئرمین واپڈا

اسلام آباد (این این آئی) واٹر اینڈ پاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی (واپڈا) کے چیئرمین محمد سعید نے کہا ہے کہ پاکستان کو پانی کی سکیورٹی کیلئے سنجیدہ کوششوں کی ضرورت ہے، ملک میں تربیلا اور منگلا کے بعد ایک بھی ڈیم نہیں بنایا گیا جبکہ بھارت نے پانچ ہزار (بقیہ نمبر 41)

اسلام آباد: انسپکٹر جنرل اسلام آباد پولیس سید علی ناصر رضوی اوپن ڈور پالیسی کے تحت سینٹرل پولیس آفس میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

کرک اور کوہاٹ پولیس کا مشترکہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 4 دہشت گرد ہلاک

ہلاک دہشت گردوں کی شناخت اور ان کے مجرمانہ ریکارڈ کے بارے میں مزید تفصیلات جمع کی جارہی ہیں، ڈی پی او کرک

پولیس دہشت گردی کے خاتمے اور شرپسند عناصر کے خلاف کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رکھی جائیں گی، حکام

کامیاب انٹیلی جنس آپریشن پر پولیس کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے فورسز پرعزم ہیں، وزیر داخلہ

کرک / کوہاٹ (این این آئی) کرک اور کوہاٹ پولیس نے مشترکہ طور پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کرتے ہوئے کمانڈر زاہد گروپ کے 4 دہشت گرد ہلاک کر دیئے۔ ڈی پی او کرک عمران چترالی کے مطابق کرک اور کوہاٹ پولیس نے مشترکہ طور خنک ڈیم، کرک کوہاٹ بارڈر کے علاقے میں ایک انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا، آپریشن کے دوران دہشت گردوں نے پولیس پارٹی پر فائرنگ شروع (بقیہ نمبر 42)

ٹی ٹی ایس اساتذہ کی تنخواہوں میں 35 فیصد اضافے کی منظوری

پروفیسر، ایسوسی ایٹ پروفیسر اور اسسٹنٹ پروفیسر کی تنخواہوں کے موجودہ اسکیلز پر نظر ثانی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے جامعات میں ٹینیور ٹریک سسٹم (TTS) کے تحت خدمات انجام دینے والے اساتذہ کی تنخواہوں میں 35 فیصد اضافے کی منظوری دے دی جس کا اطلاق یکم جولائی 2026 سے ہو گا۔ وزارت خزانہ کی جانب (بقیہ نمبر 46)

قائمہ کمیٹی وفد اسلام آباد سے نکل کر خود کوئٹہ جائے، نبیل گبول

قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کے اراکین کا بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال پر اظہار تشویش

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کے اراکین نے بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال پر اظہار تشویش کیا ہے جبکہ نبیل گبول نے کہا ہے کہ کمیٹی کا وفد اسلام آباد سے نکل کر خود کوئٹہ جائے اور زمینی حقائق کا جائزہ لے۔ جمعہ کو خرم نواز کی زیر صدارت قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کا اجلاس ہوا، جس میں گفتگو کرتے ہوئے نبیل (بقیہ نمبر 47)

لاہور صوبائی وزیر اوقاف و مذہبی امور چوہدری شافع حسین پنجاب قرآن بورڈ کے چیئرمین حافظ زبیر حسن کے ہمراہ بورڈ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ: فیملی کورٹ کسی شہری کا شناختی کارڈ بلاک کرنے کا حکم نہیں دے سکتی

قومی شناختی کارڈ ہر شہری کی بنیادی شناخت ہے، جسے اس سے نہیں چھینا جا سکتا، سیشن اور فیملی کورٹ کے فیصلے کالعدم قرار

جسٹس مزمل اختر شبیر نے شہری ناصر علی رانجھا کی درخواست منظور کرتے ہوئے آٹھ صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے قومی شناختی کارڈ بلاک کرنے کے اختیار سے متعلق ایک اہم قانونی فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ فیملی کورٹ کسی شہری کا قومی شناختی کارڈ بلاک کرنے کا حکم جاری نہیں کرسکتی، عدالت نے سیشن کورٹ گجرات اور فیملی کورٹ کے فیصلے کالعدم قرار دیتے ہوئے واضح کیا کہ قومی شناختی کارڈ ہر شہری کی بنیادی شناخت ہے، جسے اس سے نہیں چھینا جا سکتا۔ (بقیہ نمبر 51)

مون سون کے حوالے سے مربوط قومی حکمت عملی پر اتفاق

وفاقی وزیر منصوبہ بندی کی صدارت ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کا اجلاس

اسلام آباد (سی ایم لنکس): وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایات پر قائم کردہ ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کا دوسرا اہم اجلاس این ڈی ایم اے ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں منعقد ہوا جس میں مون سون 2026 کے دوران جان و مال اور قومی انفراسٹرکچر کے تحفظ کے لیے مربوط حکمت عملی اپنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ اجلاس کی صدارت وفاقی وزیر (بقیہ نمبر 52)

سرگودھا شہر کے علاقہ میں خاتون کا قتل یا کچھ اور، پولیس مصروف تفتیش

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا شہر کے علاقہ میں خاتون کا قتل یا کچھ اور پولیس نعش پوسٹمارٹم کے لئے تحویل میں لیکر مختلف پہلوؤں پر مصروف تفتیش ہے۔ سرگودھا شہر کے علاقہ حیات کالونی میں ایک خاتون کی (بقیہ نمبر 53)

نسلہ ٹاور کی مسماری کے سپریم کورٹ کے احکامات واپس

آئینی عدالت نے نسلہ ٹاور کی مسماری کا سبب بننے والے سپریم کورٹ کے 2018 اور 2019 کے احکامات واپس لے لئے

عدالتیں اپنے سامنے موجود تنازع تک محدود رہیں، غیر ضروری معاملات میں مداخلت نہ کریں، وفاقی آئینی عدالت کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے نسلہ ٹاور کی مسماری کا سبب بننے والے سپریم کورٹ کے 2018 اور 2019 کے احکامات واپس لے لیے۔ جمعہ کو عدالت نے قرار دیا کہ غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائی کا اختیار بنیادی طور پر صوبائی حکومت کا ہے، عدلیہ کا نہیں۔ عدالتیں اپنے سامنے موجود تنازع تک محدود رہیں، غیر ضروری معاملات میں مداخلت نہ کریں۔ وفاقی آئینی عدالت نے فیصلے میں کہا کہ سپریم کورٹ نے زیر سماعت مقدمے سے آگے بڑھ کر وسیع احکامات جاری کیے۔ سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کی رپورٹس کی بنیاد پر قانونی تقاضے پورے (بقیہ نمبر 54)

اسلام آباد: چیف ٹریفک آفیسر کائنات اظہر خان ریڈ کریسنٹ میں منعقدہ روڈ سیفٹی سیمینار کے اختتام پر یادگاری شیلڈ پیش کر رہی ہیں

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ورکرز کا تحفظ اور شفافیت ناگزیر

دسمبر 2024ء میں ستھرا پنجاب منصوبہ اس عزم کے ساتھ شروع کیا گیا تھا کہ صوبے کے ہر شہر' قصبے اور گاؤں میں صفائی کا جدید اور مؤثر نظام قائم کیا جائے ۔عوام کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کی یہ کوشش بلاشبہ حکومت کی ایک اہم اقدام ہے مگر اس منصوبے پر کام کرنے والی بعض ٹھیکیدار کمپنیوں کی مبینہ بدعنوانیوں اور ورکرز کے استحصال کی شکایات کا معاملہ فوری توجہ کا متقاضی ہے۔ گزشتہ کچھ عرصے سے مختلف اضلاع سے یہ شکایات مسلسل سامنے آ رہی ہیں کہ متعدد ورکرز کو نہ تو بروقت تنخواہیں مل رہی ہیں اور نہ ہی مکمل ادائیگی کی جا رہی ہے۔

دوسری جانب اینٹی کرپشن کی تحقیقات میں بعض ٹھیکیدار کمپنیوں کے خلاف جعلی ملازمین' فرضی ویسٹ سائٹس' کنٹینرز اور دیگر ریکارڈ کے ذریعے سرکاری فنڈز میں مبینہ خورد برد جیسے سنگین الزامات بھی سامنے آئے ہیں۔ کرپٹ عناصر نہ صرف قومی خزانے کو نقصان پہنچا رہے بلکہ ایک اہم عوامی منصوبے کی ساکھ کو بھی متاثر کر رہے ہیں۔ نہ صرف ورکرز کی بروقت اور مکمل تنخواہ کی ادائیگی' قانونی حقوق کا تحفظ اور باوقار روزگار ہر صورت یقینی بنایا جانا چاہیے بلکہ تمام متعلقہ کمپنیوں کا جامع آڈٹ' ڈیجیٹل ریکارڈ کی آزادانہ جانچ' تنخواہوں کی شفاف ادائیگی کا مؤثر نظام اور بدعنوان عناصر کیخلاف بلاامتیاز کارروائی بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔

اللہ اور رسول اللہ

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

خالق ارض وسما نے جب عرش، آسمان، لوح محفوظ، آفتاب، مہتاب و نجوم، بہشت جہنم، عالم برزخ، شجر پہاڑ، سمندر صحرا، ریگستان دریا جھیلیں، جھرنے ندیا نالے آبشار پھل پھول باغات گلشن، چرند پرند، درندے حیوانات، حشرات ارض سمندر اور سمندری مخلوق، پہاڑی سلسلے، برفستان ،آسمان کی ستاروں سے سجی چادر دیوہیکل درخت، اٹھاراں ہزار جہاں، رنگوں خوشبوں اور لذت سے بھر پور، پھل حسن و جمال محبت، وعشق سے لبریز اس کائنات کو تخلیق کر چکا تو چاہا کہ اب اپنی ذات کا اظہار کرے اور اپنے محبوب کریم ﷺ کا ذکر اور نام کو چار دانگ عالمین میں مشہور کرے تو اپنے ہی نور سے اپنے محبوب ﷺ کے نور کو پیدا فرمایا اور پھر ستر ہزار حریرو خوبصورت پردوں میں چھپا کر رکھا اس واقعہ کو صدیاں بیت گئیں پھر پیشانی عرش پر اپنے نام کے ساتھ اپنے محبوب ﷺ کا اسم پاک مرقوم فرمایا پھر فرشتوں اور حوروں کو وجود بخشا، اور پھر وقت گزرتا رہا تمام تخلیق شدہ اشیا اور کائنات کا چپہ چپہ محبوب خدا کی آمد کا منتظر تھا جن کی آمد کے لیے کائنات کو دلہن کی طرح سجایا گیا تھا اور پھر خالق کائنات نے اپنے دست قدرت سے حضرت آدم کو تخلیق فرمایا اور ان کی خوش قسمتی جبیں اقدس میں اپنے محبوب کے نور کو رکھا۔ کیونکہ محبوب اور سب سے اعلی ہستی کو آخر میں بھیجا جاتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ محبوب سے زیادہ عرصہ جدا نہیں رہا جا سکتا پھر حضرت آدم سے لے کر حضور نبی کریم ﷺ کے اس عالم رنگ و بو میں تشریف لانے تک نور محمدی ﷺ جن عظیم انسانوں میں منتقل ہوتا رہا وہ سب کے سب عالی نسب و مرتب باوقار و ذی احترام تھے ان میں انبیا و رسل بھی تھے اور غیر نبی بھی تمام کے تمام شرک والحاد سے کوسوں دور تھے، باکردار اور وعفت ماب پاکیزہ ان کی زندگی کا ہر لمحہ گناہوں سے پاک تھا کیونکہ اللہ تعالی پاک ہے اور وہ پاک لوگوں کو ہی پسند کرتا ہے اس بات کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا کہ نور محمدی ﷺ ناپاک کے قریب بھی گیا ہو محبوب خدا نے خود فرمایا کہ میں نکاح سے ظاہر ہوا ہوں ناجائز طریقے سے ظاہر نہیں ہوا، حضرت آدم سے لیکر اس وقت تک جب کہ میرے والد اور والدہ نے مجھے جنا مجھے زمانہ جاہلیت کی کسی غلط چیز نے نہیں چھوا، علمائے کرام کی یہ رائے ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ کے تمام آبا و امہات اپنے اعتقاد میں انبیا تمام بندوں سے چنے ہوئے تھے قیامت پر یقین رکھتے تھے اس کی باقی مخلوق سے بہتر ہوتے ہیں اس لیے ان کو ایسے عناصر سے چنا جاتا ہے جو پاک اور بہترین ہو جو اعلی ہوں اور ہر عیب سے پاک ہوتے ہیں تا کہ لوگ ان کے سامنے سر جھکا سکیں اور غور سے ان کی باتیں سنیں اور ان پر عمل کریں۔ خدا تعالی اپنے محبوب سے بہت محبت کرتا ہے اللہ تعالی کا ارشاد ہے اے پیارے اگر میں تمہیں پیدا نہ کرتا سارے جہاں کو پیدا نہ کرتا یعنی اگر میری تجھ سے محبت کا اظہار مقصود نہ ہوتا تو میں عرش وفرش کو کبھی وجود نہ بخشا آپ سے محبت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ آپ نے تمام انبیا سے اپنے محبوب کو زیادہ شان اور برگزیدہ بنایا، اللہ رب العزت نے جب تمام ارواح کی محفل سجائی تو تمام ارواح سے اپنی وحدانیت کا وعدہ اور اقرار لیا اور کہا سورعمران کی آیت نمبر 81: اگر تم میرے محبوب ﷺ کا زمانہ پاؤ تو دل و جان سے ان کی مدد کرنا ان پر ایمان لانا، ارشاد گرامی کو تمام ارواح انبیا کرام نے سنا اور قبول کیا اور اطاعت کا وعدہ بھی کیا، اس جہاں رنگ و بو کی تخلیق کے بعد خالق بے نیاز نے جس عظیم ہستی کا لباس بشریت سے نوازا وہ ہمارے باپ حضرت آدم تھے اور پھر جب حضرت آدم نے شجر ممنوعہ میوہ کو چکھا تو حکم ربی کی نافرمانی پر انہیں زمین پر اتار دیا گیا، اور پھر خدا تعالی نے اپنے محبوب کی محبت اور عشق کو بھی آسمانوں سے زمین پر اتارا تا کہ کائنات کا ذرہ ذرہ معطر اور روشن ہو جائے، حضرت آدم اس نافرمانی کی وجہ سے بہت شرمندہ اور سوگوار تھے وہ خفت اور نافرمانی کے ازالے کے لیے ہر وقت دعائیں، معافیاں، آہ و بکا گریہ زاری اور توبہ کرتے مگر توبہ کی قبولیت نہیں ہو رہی تھی۔ آپ دن رات گریہ زاری میں مصروف تھے اور پھر خدا کو ان پر رحم آیا اور پھر حضرت آدم نے اس نام کے وسیلے سے دعا کی: اے میرے مالک اے غفور و رحیم تیرے نام کے ساتھ جو تیرے محبوب کا اسم پاک ہے تو اس کے صدقے میری خطا درگزر فرما مجھے معاف فرما دے، اس نام کے ساتھ دعا مانگتے ہی قبولیت کا لمحہ آیا اور توبہ کا دروازہ کھل گیا یہ رسول کریم ﷺ کے مبارک نام اقدس کی رحمت کی پہلی جلوہ گری تھی جس کے وسیلے سے مالک کائنات انسانوں کے گناہ اور خطا ئیں بخشنے لگا، اللہ تعالی فرماتے ہیں اے لوگو یہ کارخانہ عالم خدائے رحمٰن و رحیم نے صرف اپنے محبوب کی خاطر قائم کیا ہے اگر تم ان کا زمانہ پاؤ تو ان پر ایمان لے آنا، اور ہر دور میں انبیا کرام اللہ کے حضور یوں دعا کرتے تھے اے اللہ تیرے محبوب کی عظمت و توقیر اور محبت ہماری روح میں رچی بسی ہے ہم سے نبوت لے لے اور ہمیں اپنے محبوب ﷺ کا امتی بنا دے۔ محبوب ہمیشہ آخر میں آتا ہے اور پھر اس کے آنے کے بعد کسی کے آنے کی ضرورت نہیں رہتی جب تمام انبیا کرام اس دنیا میں تشریف لا چکے تو آخر میں مالک کائنات نے اپنے محبوب کو بھیجا اور ان کا نام بھی خود ہی رکھا عاشقان محبوب ﷺ کہتے ہیں، قیامت کا دن پچاس ہزار سال کا ہوگا حساب کتاب تو صرف چار گھنٹوں میں ختم ہو جائے گا باقی تمام وقت رسول اللہ ﷺ کی حمد کرنے میں گزرے گا، جب خدا تعالی نے اس جہاں رنگ و بو کو رونق بخشی چاروں طرف عشق و محبت کے چشمے پھوٹنے لگے تو خالق ارض وسما نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا: اے کتاب والو ! بے شک تمہارے پاس ہمارے یہ رسول تشریف لائے کہ تم پر ظاہر فرماتے ہیں بہت سی چیزیں جو تم نے کتاب میں چھپا ڈالی تھیں اور بہت سی معاف فرماتے ہیں بیشک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے ایک نور آیا اور روشن کتاب) سور المائدہ(۔قرآن مجید میں سور ال عمران میں ارشاد گرامی ہے: اور یاد کرو جب اللہ نے پیغمبروں سے ان کا عہد لیا جو میں تم کو کتاب اور حکمت دوں پھر تشریف لائے تمہارے پاس وہ رسول کہ تمہاری کتابوں کی تصدیق فرمائے تو تم ضرور ضرور اس پر ایمان لانا اور ضرور ضرور اس کی مدد کرنا، فرمایا کیوں تم نے اقرار کیا اور اس پر میرا بھاری ذمہ لیا سب نے عرض کی ہم نے اقرار کیا فرمایا ایک دوسرے پر گواہ ہو جا اور میں تمہارے ساتھ گواہوں میں ہوں۔ اللہ تعالی نے اپنی اور اپنے محبوب کی محبت کو کائنات کے گوشے گوشے اور عالمین کی وسعتوں اور پنہائیوں میں پھیلا دیا ہے کائنات کا ذرہ ذرہ اس نور سے سرشار اور لبریز ہے خالق اپنے محبوب کا اور محبوب اپنے خدا کا ذکر بلند کرتے ہیں یہی محبت و عشق کا جوہر ہے یہی وجہ ہے کہ جو صلو و سلام سردار الانبیا پر بھیجتا ہے وہ اللہ تعالی کا خاص بندہ بن جاتا ہے اور جو رب کریم کا ذکر کرتا ہے وہ حضور کا امتی بن جاتا ہے۔ اور پھر روز محشر جب مالک بے نیاز کا جلال اپنے پورے جوبن پر ہوگا انبیا کرام اور اولیا کرام جلال رب سے کانپ رہے ہونگے کسی کو بولنے کی جرات نہ ہوگی تو ایک طرف کالی کملی والے آتے نظر آئیں گے تو نسل انسانی مدد اور بخشش کی التجا کرے گی اور محبوب خدا سجدے میں سر رکھ کر امتی امتی کریں گے اور یا حی یا قیوم یا ذوالجلال والاکرام فرمائیں گے اے محبوب سر اٹھا اور جو مانگتا ہے لے جا آج تیری ہر بات مانی جائے گی اور پھر شافع محشر امت کی بخشش کرائیں گے۔

صدر ٹرمپ کی حیرت اور ایرانیوں کے آنسو

خورشید ندیم

صدر ٹرمپ کو حیرت ہے کہ ایرانیوں کی آنکھوں میں آنسو کیوں ہیں۔ مجھے عالمی طاقت کے راہنما کی بصیرت اور معلومات پر حیرت ہے کہ جسے اتنے سادہ سوال کا جواب معلوم نہیں۔ اگر معلوم ہوتا تو وہ کبھی ایران پر حملہ نہ کرتا۔

ایران کا انقلاب نصف صدی سے امریکی جامعات اور تھنک ٹینکس کی تحقیق کا موضوع ہے ۔ روح اللہ خمینی صاحب کی کتب مدتوں پہلے ترجمہ ہو چکی تھیں۔ ان کے خطبات پر مشتمل کتاب 'حکومت اسلامی' 1970ء میں شائع ہو چکی تھی۔ اس میں انہوں نے اپنا سیاسی فکر اور عزائم دونوں بیان کر دیے تھے۔ مشرقِ وسطیٰ کی اسلامی تحریکوں بالخصوص الاخوان المسلمون کے بعد سب سے زیادہ تحقیق ایران کے انقلاب پر ہوئی۔ اس کا سبب یہ تھا کہ مشرقِ وسطیٰ سے امریکی مفادات براہِ راست وابستہ تھے۔ 'سیاسی اسلام' کی اصلاح کو مقبول بنانے کیلئے ایران کا انقلاب حوالہ بنا۔ ایران کی تاریخ' تہذیب' اس کے نظریاتی خدو خال' شخصیات' ایک ایک پہلو پر تحقیق ہوئی۔ مشرقِ وسطیٰ میں اس کے کردار پر نہیں معلوم کتنی عالمی کانفرنسیں منعقد ہوئیں۔ ایران نصف صدی سے امریکہ کی خارجہ پالیسی کا مرکز ہے۔ ایران آٹھ سال عراق کے ساتھ نبرد آزما رہا۔ صدام حسین کے پیچھے جو کوئی تھا اس کے پیچھے امریکہ تھا۔ اس کا تو کوئی امکان نہیں کہ انہوں نے سیاست یا کسی بھی موضوع پر کبھی کوئی کتاب پڑھی ہو لیکن یہ دور انہوں نے بچشم سر دیکھا۔ اچنبھا ہے کہ اس کے باوصف انہیں ایرانیوں کے آنسوؤں پر حیرت ہے۔

یہ محض ایران کا معاملہ نہیں۔ آئیڈیالوجی جب طاقت کے حصول کا آلہ بنتی ہے تو پھر ایک ایسی قوت وجود میں آتی ہے جس کا مقابلہ کرنا آسان نہیں ہوتا۔ جب مذہب آئیڈیالوجی بن جاتا ہے تو پھر معاملہ سنگین تر ہو جاتا ہے ۔ آئیڈیالوجی کا تجربہ اہلِ مغرب کو اشتراکیت کی صورت میں ہوا۔ امریکہ نے اس کے خلاف جو جنگ لڑی اس میں اسے نظریاتی محاذ پر پسپائی کا سامنا کرنا پڑا۔ اس میں شبہ نہیں کہ اس نے ایک کامیاب معاشی نظام وضع کر لیا لیکن یہ حقیقت پسندانہ تھا' رومانوی نہیں تھا۔ آئیڈیالوجی ایک رومان کا نام ہے اور انسان کی فطرت یہ ہے کہ رومان کی طرف لپکتا ہے ۔ اشتراکیت ایک رومان تھا۔ امریکہ نے اس کی کو 'اسلامی آئیڈیالوجی' سے پورا کرنا چاہا۔ مشرق وسطیٰ میں یہ کوشش کی گئی کہ 'سیاسی اسلام' کو اشتراکیت کے مدِ مقابل لا کھڑا کیا جائے ۔ اسے سیاسی اسلام سے اس وقت اس سے زیادہ دلچسپی نہ تھی کہ یہ سرمایہ داری کی نظریاتی کمزوری کا مداوا بن جائے ۔ امریکہ نے بہت کامیابی کے ساتھ سیاسی اسلام کو اشتراکیت سے لڑا دیا۔ اسلام پسندوں کو امریکہ نوازی کا طعنہ سننا پڑا' در آں حالیکہ امریکہ کو اسلام پسندوں سے کوئی ہمدردی تھی نہ اسلام پسندوں کو امریکہ سے۔

اس آئیڈیالوجی کو آخری مرتبہ افغانستان میں استعمال کیا گیا۔ یہاں 'سیاسی اسلام' نے قتال کی تعبیر اختیار کر لی جبکہ اپنے تشکیلی دور میں یہ ایک طرزِ حیات کا نام تھا۔ افغان جہاد کے بعد امریکہ کو خیال ہوا کہ 'سیاسی اسلام' سے جو کچھ کشید کیا جا سکتا تھا' کر لیا گیا۔ اس نے اسے تاریخ کے کوڑے دان کے حوالے کر دیا۔ آئیڈیالوجی کی تفہیم کے باب میں یہ اس کی بڑی غلطی تھی۔ نظریہ آسانی سے نہیں مرتا اور اگر مذہبی ہو تو کبھی نہیں۔ اس امریکی غلطی کی سزا امریکہ سمیت ساری دنیا نے بھگتی۔ یہ 'سنی سیاسی اسلام' کا قصہ ہے ۔ شیعہ سیاسی اسلام ابھی عالمی منظر نامے پر نمایاں نہیں ہوا تھا۔ رضا شاہ پہلوی کا ایران امریکہ کی جیب میں تھا جس کا کسی آئیڈیالوجی سے کوئی تعلق نہیں تھا۔

'شیعہ سیاسی اسلام' سے امریکہ کا پالا 1979ء میں پڑا جب ایران میں اس آئیڈیالوجی کے ماننے والے برسرِ اقتدار آئے ۔ سنی سیاسی اسلام کے برعکس شیعہ اسلام کا تو جنم ہی بطور سیاسی آئیڈیالوجی ہوا۔ یہ ایک سیاسی تحریک تھی جو اسلام کے صدرِ اوّل میں پیدا ہوئی۔ ہمیشہ اقلیت میں رہی مگر اس نے مشکلات میں بھی زندہ رہنے کا ہنر سیکھا۔ زیادہ تر ادوار میں یہ ایک منفعلانہ مزاحمت (Passive Resistance) کی تحریک رہی۔ اس کا امتیاز یہ تھا کہ اس نے مظلومیت کو اپنی طاقت بنا لیا۔ 'شہادت' ایک حکمتِ عملی کا عنوان بن گئی۔ حادثۂ کربلا کو بطور استعارہ اس کامیابی سے استعمال کیا گیا کہ سنی اسلام میں بھی اگر کسی کو سیاسی اسلام کے حق میں دلیل لانا پڑی تو اس استعارے سے سب سے زیادہ مدد لی گئی۔ اب بات کی تفہیم کیلئے علامہ اقبال' مولانا ابوالکلام آزاد اور مولانا مودودی کی شاعری اور نثر دیکھ لیجیے۔ واقعۂ کربلا جب استعارہ بنا اور اسے سنی اور شیعہ دونوں نے قبول کر لیا تو پھر مسلمانوں کی تاریخ ہی نہیں اس کے علوم کی بھی تشکیلِ نو ہو گئی۔ دورِ جدید میں شیعہ اسلام کی اس قوت (Potential) کو خمینی صاحب نے دریافت کیا۔ انہوں نے نہ صرف آئیڈیالوجی کا بطور سیاسی قوت احیا کیا' جسے اشتراکیت کھو چکی تھی بلکہ اس کے ساتھ ایک خطۂ زمین کو اس کی عملی حقیقت بنانے کیلئے بھی جدو جہد کی۔ یہ کام کیسے ہوا اور اس کے نتائج کیا نکلے' اس کا ایک مظہر ایرانی انقلاب تھا اور دوسرا آیت اللہ خامنہ ای کا جنازہ۔ ایران کی قیادت جانتی تھی کہ یہ مظلومانہ شہادت کیا برگ و بار لا سکتی ہے۔ کربلا کا استعارہ ان کے سامنے تھا۔ انہوں نے تدفین کو کئی ماہ مؤخر کیا اور اس وقت کا انتظار کیا جب اس شہادت اور مظلومیت میں چھپی قوت پوری طرح نمودار نہ ہو جائے ۔ وہ وقت آیا تو ان کی تدفین کا فیصلہ کر لیا۔ میرا تاثر ہے کہ جناب خامنہ ای کی شہادت اور جنازے نے ایرانی انقلاب سے زیادہ خطۂ مسلم دنیا اور عالمی سیاست کو متاثر کیا ہے۔ حجاز کی طرح عراق اور ایران بھی اب نئے مراکز کے طور پر ابھر رہے ہیں جو مذہب وسیاست کا مرکز ہوں گے۔

امریکی صدر کو حملے سے پہلے جو بریفنگ دی گئی ہوگی مجھے یقین ہے کہ اس میں یہ سب کچھ بتایا گیا ہوگا۔ ممکنہ نتائج کے بارے میں آگاہ کیا گیا ہوگا۔ اس بات کی تصدیق ان خبروں سے بھی ہوتی ہے جو حملے کے آغاز میں سامنے آئیں۔ ان کے مطابق تمام ایجنسیوں نے انہیں سٹریٹجک حوالوں سے بتایا کہ کیا کیا چیلنجز متوقع ہیں۔ جیسے آبنائے ہرمز کی اہمیت۔ پورا امکان ہے کہ انہیں ایرانی قوم کی نظریاتی مزاحمتی قوت کے بارے میں بتایا گیا ہوگا۔ خامنہ ای کئی کتابوں کے مصنف تھے ۔ '250 سالہ انسان' میں انہوں نے نبی کریم ﷺ کے بعد امامت کی پوری تاریخ بیان کرتے ہوئے اسے اپنے نظریاتی مشن کے ساتھ جوڑ دیا ہے۔ اس کتاب میں انہوں نے بتایا ہے کہ نبوت و امامت کی تاریخ اور آخری امام کی آمد کے مابین ایرانی انقلاب کی کیا حیثیت ہے۔ یہ دور محض انتظار کا دور نہیں۔ ہم نے وہ سٹیج تیار کرنا ہے جو امام مہدی کے ظہور کیلئے ضروری ہے ۔ ''ہمارا انقلاب درحقیقت اس عظیم ہدف اور انقلاب کا پیش خیمہ' مقدمہ اور اس راہ میں ایک بڑا اقدام ہے ...اگر ہم نے یہ قدم نہ اٹھایا ہوتا یقیناً حضرت ولی العصر کا ظہور تاخیر کا شکار ہو سکتا تھا''۔

یہ سب لکھا ہوا موجود ہے۔ کچھ خفیہ نہیں۔ خمینی صاحب تو یہ بھی واضح کر چکے ہیں کہ اب تقیہ کا دور بھی ختم ہو گیا۔ اس کا تعلق کمزوری سے تھا اور اب ہم کمزور نہیں ہیں۔ اگر یہ سب باتیں امریکی صدر کو حملے سے پہلے معلوم نہیں تھیں تو انہیں اپنی بصیرت اور معلومات کی کمی کا ماتم کرنا چاہیے نہ کہ ایرانیوں کے آنسوؤں پر اظہارِ حیرت۔ اس ماتم میں تو اب امریکی ریاست کے تمام ذمہ داران کو شریک ہونا چاہیے۔

شوبز SHOWBIZ

مجھے کامیابی اور لوگوں کی محبت دونوں بہت پسند ہیں

جانتی ہوں کہ شہرت اور کامیابی ہمیشہ قائم نہیں رہتی، ماہرہ خان

کراچی (این این آئی) پاکستان کی سپر سٹار ماہرہ خان نے کہا ہے کہ میں زندگی کے موجودہ مرحلے سے بھرپور لطف اندوز ہو رہی ہوں اور مجھے اس بات کی فکر نہیں کہ ایک وقت ایسا بھی آئے گا جب ہیروئن کے کردار ملنا بند ہو جائیں گے۔ اپنے ایک بیان میں اداکارہ نے کہا کہ مجھے کامیابی اور لوگوں کی محبت دونوں بہت پسند ہیں اور اپنے مداحوں کے ساتھ تعلق کو بے حد اہم سمجھتی ہوں، مجھے اچھا لگتا ہے جب لوگ مجھ سے محبت کا اظہار کرتے ہیں لیکن میں یہ بھی جانتی ہوں کہ شہرت اور کامیابی ہمیشہ قائم نہیں رہتی، اسی لیے میری توجہ ہمیشہ اپنے کام پر رہتی ہے۔ ماہرہ خان نے نہایت اعتماد کے ساتھ کہا کہ میں اپنی موجودہ عمر اور زندگی کے اس مرحلے سے بہت لطف اندوز ہو رہی ہوں، مجھے اس بات کی فکر نہیں کہ ایک وقت آئے گا جب مجھے ہیروئن کے کردار نہیں ملیں گے۔

ہانیہ عامر بولڈ لباس کے باعث پھر تنقید کا شکار

حال ہی میں ایک تقریب میں سیاہ رنگ کا مغربی طرز کا لباس پہن کر شرکت کی



کراچی (این این آئی) اداکارہ ہانیہ عامر اپنے بولڈ لباس کی وجہ سے ایک بار پھر تنقید کا شکار ہو گئیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ہانیہ عامر نے حال ہی میں ایک تقریب میں سیاہ رنگ کا مغربی طرز کا لباس پہن کر شرکت کی۔ تقریب میں اداکارہ کی شرکت کی ویڈیوز اور تصاویر سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہو رہی ہیں اور صارفین کی جانب سے مختلف قسم کے تبصرے کیے جا رہے ہیں۔ کچھ صارفین ہانیہ عامر کے نامناسب لباس پر تنقید کرتے نظر آ رہے ہیں جب کہ کچھ صارفین اس پر ان کا مذاق اڑا رہے ہیں۔

عاصم اظہر کا گانا آرزو بھارت میں مقبولیت حاصل کرنے لگا

آرزو اب ان کے کامیاب ترین گانوں کی فہرست میں دوسرے نمبر پر آ گیا

کراچی (این این آئی) معروف گلوکار عاصم اظہر کے حالیہ گانے آرزو نے بھارت میں غیر معمولی مقبولیت حاصل کرتے ہوئے اسپاٹیفائی پر ایک اہم سنگ میل عبور کر لیا ہے۔ گلوکار کے مطابق یہ ٹریک اسپاٹیفائی کے دور میں بھارت میں ان کا دوسرا سب سے زیادہ مقبول گانا بن گیا ہے، جس پر انہوں نے سرحد پار موجود مداحوں کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ عاصم اظہر نے انسٹاگرام اسٹوریز کے ذریعے اس کامیابی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ بھارتی سامعین کی جانب سے ملنے والی محبت ان کے لیے بے حد قیمتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسپاٹیفائی کے آغاز سے اب تک بھارت میں ان کے گانوں میں صرف غلط فہمی نے زیادہ بہتر کارکردگی دکھائی تھی، جو چارٹس میں دوسرے نمبر تک پہنچا تھا، جبکہ آرزو اب ان کے کامیاب ترین گانوں کی فہرست میں دوسرے نمبر پر آ گیا ہے۔

ذاتی اور پیشہ ورانہ حدود کا تعین کرنا انتہائی ضروری ہے، ہاجرہ یامین

حوصلہ افزائی یقین دلاتی ہے کہ میں درست سمت میں آگے بڑھ رہی ہوں، اداکارہ

لاہور (این این آئی) معروف پاکستانی اداکارہ ہاجرہ یامین کا کہنا ہے کہ خواتین کی جانب سے ملنے والی حوصلہ افزائی بہت معنی رکھتی ہے، چاہتی ہوں کہ یہ ہمیشہ یوں ہی برقرار رہے۔ حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے اداکارہ کا کہنا ہے کہ گزشتہ کچھ عرصے میں مجھے اپنی خواتین مداحوں سے بھرپور پذیرائی ملی، جنہوں نے میرے کام کو سراہا اور مجھ سے رابطہ کیا، اس حوصلہ افزائی نے میرے اس یقین کو مزید مضبوط کیا ہے کہ میں درست سمت میں آگے بڑھ رہی ہوں اور یہی حمایت مجھے بامقصد پروجیکٹس پر کام جاری رکھنے کی ترغیب دیتی ہے۔ ہاجرہ یامین نے کہا کہ میں سوشل میڈیا پر فالوورز یا ویوز کی تعداد یا عارضی آن لائن رجحانات کے بجائے ایسا کام کرنا چاہتی ہوں جو دیرپا اثر چھوڑے۔ میری خواہش ہے کہ میں اگلی نسل کی لڑکیوں کے لیے ایک مثبت مثال قائم کروں اور تخلیقی شعبے میں مزید خواتین کے ساتھ مل کر کام

اداکارہ یمنی زیدی بھی رونالڈو کی مداح نکلیں

یہ مقابلہ پرتگال کے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کے ورلڈکپ کیریئر کا آخری میچ بھی ثابت ہوا

لاہور (این این آئی) پاکستان کی معروف اداکارہ یمنی زیدی بھی پرتگال کے سپر اسٹار کرسٹیانو رونالڈو کی مداح نکلیں۔ ڈرامہ قرضِ جاں کے بعد اسکرین سے دور رہنے والی اداکارہ یمنی زیدی ان دنوں امریکا میں اپنے اہلِ خانہ کے ساتھ وقت گزار رہی ہیں۔ انہوں نے فیفا ورلڈ کپ کے دوران پرتگال اور اسپین کے درمیان ہونے والا اہم میچ بھی اسٹیڈیم میں جا کر دیکھا۔ یمنی زیدی نے سوشل میڈیا پر میچ کی جھلکیاں شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ انہیں فٹبال کے بارے میں زیادہ معلومات نہیں

اریجیت سنگھ کا عاطف اسلم کی جگہ لینا ناممکن ہے، رفاقت علی خان

لاہور (این این آئی) کلاسیکل گلوکار رفاقت علی خان نے کہا ہے کہ عاطف اسلم اپنے آپ میں ایک ہی ہیں، منفرد گلوکاری کے باعث کوئی ان کی جگہ نہیں لے سکتا۔ ایک پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے رفاقت علی خان نے عاطف اسلم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ اریجیت سنگھ، عاطف اسلم کے انداز گائیکی کا ایک تسلسل ہیں۔ رفاقت علی خان نے کہا کہ عاطف اسلم اب پہلے سے بہت بہتر ہو چکے ہیں، وہ ایک بہترین گلوکار ہیں اور وقت کے ساتھ ساتھ ایک فنکار کے طور پر ان میں نکھار آیا ہے، وہ اپنی مثال آپ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت میں بھی بہت سے اچھے گلوکار موجود ہیں۔

نشو بیگم کا بزرگ والدین کو جائیداد سے متعلق مشورہ

والدین کو اپنی زندگی میں جائیداد بچوں کے نام نہیں کرنی چاہیے، اداکارہ

لاہور (این این آئی) پاکستانی فلموں کی سینئر اداکارہ نشو بیگم نے بزرگ والدین کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنی زندگی میں اپنی جائیداد بچوں کے نام منتقل نہ کریں، کیونکہ ایسا کرنے سے بعض اوقات والدین کی اہمیت کم ہو جاتی ہے۔ پاکستانی فلم انڈسٹری کی سینئر اداکارہ نشو نے حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں گفتگو کے دوران بڑھاپے، صحت اور مالی تحفظ سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ بڑھاپے میں انسان کو سب سے زیادہ اپنی صحت اور دولت کا خیال رکھنا چاہیے، کیونکہ اگر یہ دونوں چیزیں نہ ہوں تو بعض لوگ آپ کی قدر کرنا چھوڑ دیتے ہیں۔

ندا یاسر لباس کی وجہ سے ایک بار پھر تنقید کی زد میں آ گئیں

اداکارہ نے سرخ رنگ کی الہ دین شلوار کے ساتھ سفید رنگ کا ٹاپ پہننے کا انتخاب کیا

کراچی (این این آئی) میزبان و اداکارہ ندا یاسر اپنے لباس کی وجہ سے ایک بار پھر سوشل میڈیا پر خصوصی توجہ کا مرکز بن گئی ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ندا یاسر نے اپنے مارننگ شو کی حالیہ قسط کے لیے جس لباس کا انتخاب کیا وہ سوشل میڈیا صارفین کو بالکل پسند نہیں آیا اور انہوں نے اداکارہ کے لباس کو اولڈ فیشن قرار دے دیا۔ اداکارہ نے سرخ رنگ کی الہ دین شلوار کے ساتھ سفید رنگ کا ٹاپ پہننے کا انتخاب کیا اور اس کے ساتھ پوائنٹڈ ٹو کٹن ہیلز پہنیں۔ ندا یاسر کی اس لباس میں تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی ہیں۔

سپورٹس SPORTS

مصری فٹبال ٹیم کی وطن واپسی، ہزاروں افراد استقبال کیلئے پہنچ گئے

شہریوں کی جانب سے فٹبال ٹیم اور مصر کے حق میں نعرے بازی کی گئی

قاہرہ (این این آئی) مصری فٹبال ٹیم کا ملک واپسی پر شاندار استقبال کیا گیا۔ فیفا ورلڈ کپ 2026 میں شرکت کرنے کے بعد مصر کی فٹبال ٹیم اپنے ملک پہنچ گئی، ایئرپورٹ پر اترتے ہی حکام اور انتظامیہ کی جانب سے انہیں خوش آمدید کہا گیا۔ کھلاڑیوں کے استقبال کیلئے ایئرپورٹ کے باہر عوام کی بڑی تعداد موجود رہی، کھلاڑیوں کے باہر آتے ہی مداحوں نے انہیں گھیر لیا اور خوب تصاویر بنوائیں۔ فٹبال ٹیم کے کھلاڑیوں نے بس میں مختلف علاقوں کا سفر کیا، ہاتھوں میں قومی پرچم تھامے سڑکوں پر کھڑے شہری بھی کھلاڑیوں کی ایک جھلک دیکھنے کیلئے بے تاب دکھائی دیے، مداحوں نے کھلاڑیوں کو دیکھتے ہی محبت کا اظہار کیا۔ شہریوں کی جانب سے فٹبال ٹیم اور مصر کے حق میں نعرے بازی کی گئی، کھلاڑیوں نے بھی ہاتھ ہلا کر شہریوں کے نعروں کا جواب دیا۔

بین سٹوکس ریٹائرمنٹ ویڈیو پر آئی سی سی نے وضاحت مانگ لی

ای سی بی نے ڈریسنگ روم کی ریکارڈنگ اور ویڈیو نشر کر کے قوانین کی خلاف ورزی کی

لندن (این این آئی) بین سٹوکس کی ریٹائرمنٹ ویڈیو پر آئی سی سی نے انگلش کرکٹ بورڈ سے وضاحت طلب کر لی۔ آئی سی سی کا کہنا ہے کہ اسٹوکس کی ڈریسنگ روم میں ریٹائرمنٹ تقریر کی ویڈیو ٹیسٹ میچ ختم ہونے سے پہلے نشر کی گئی۔ بیان میں کہا گیا کہ میچ کے دوران ڈریسنگ روم کی آڈیو اور ویڈیو جاری کرنا آئی سی سی کے ضوابط کی خلاف ورزی ہے۔ آئی سی سی کے مطابق ای سی بی نے ڈریسنگ روم کی ریکارڈنگ اور ویڈیو نشر کر کے قوانین کی خلاف ورزی کی۔ بین سٹوکس نے ساتھی کھلاڑیوں کو ریٹائرمنٹ سے آگاہ کرنے والی تقریر کھیل شروع ہونے سے قبل کی تھی۔ آئی سی سی کے مطابق ڈریسنگ روم میں ریکارڈ کی گئی ویڈیو میچ کے اختتام سے پہلے جاری نہیں کی جا سکتی۔

مکسڈ مارشل آرٹ فیڈریشن کی جانب سے ملکی کھلاڑیوں کو عالمی سطح پر لانے کے لیے کنٹینڈر سیریز کا آغاز

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں مکسڈ مارشل آرٹس (ایم ایم اے) کے فروغ اور ملکی ایتھلیٹس کو عالمی معیار کے مطابق تیار کرنے کے لیے پاکستان ایم ایم اے فیڈریشن نے کنٹینڈر سیریز کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے۔ ایکٹیوٹ اور ڈاکٹر رضوان آفتاب کے تعاون سے شروع ہونے والا یہ ہائی پرفارمنس پلیٹ فارم مقامی مقابلوں اور عالمی سطح کی شدت کے درمیان موجود فرق کو ختم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ اس ایک روزہ ایونٹ میں پاکستان کے 12 بہترین آئی ایم ایم اے ایف ایتھلیٹس اور ابھرتے ہوئے فائٹرز مدمقابل ہوں گے۔ یہ کھلاڑی مستقبل میں ایشین اور ورلڈ چیمپئن شپس سمیت بریو کامبیٹ فیڈریشن اور یو اے ای واریئرز جیسی بین الاقوامی پروفیشنل تنظیموں میں شرکت کی تیاری کر رہے ہیں۔ پاکستانی ایم ایم اے فیڈریشن کے صدر عمر احمد نے کہا کہ پاکستان میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں، بلکہ مستقل بنیادوں پر اعلی سطح کے مقابلے فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ کنٹینڈر سیریز کھلاڑیوں کو وہ دباؤ اور ماحول فراہم کرے گی جو انہیں عالمی چیمپئن شپس میں دنیا کی مضبوط ترین ٹیموں کا مقابلہ کرنے کے قابل بنائے گا۔ اس ایونٹ کی سب سے بڑی کشش سابق ایشین چیمپئن اور ورلڈ چیمپئن شپ کے سلور میڈلسٹ شہاب علی کا پروفیشنل ڈیبیو ہے، جنہیں 2025 میں آئی ایم ایم اے ایف فائٹر آف دی ایئر کا ایوارڈ بھی مل چکا ہے۔ عمر احمد کے مطابق شہاب علی میں یو ایف سی تک پہنچنے کی بھرپور صلاحیت موجود ہے۔ پاکستان ایم ایم اے نے سکولوں، کالجوں اور جامعات سے لے کر عالمی چیمپئن شپس تک کا ایک منظم اور واضح کیریئر پاتھ وے تیار کیا ہے۔

دورہ ویسٹ انڈیز کی تیاریوں کیلئے پاکستان ٹیسٹ سکواڈ کا ٹریننگ کیمپ

پاکستان ٹیسٹ سکواڈ دورہ ویسٹ انڈیز کے لیے 13 جولائی سے روانہ ہوگا

راولپنڈی (این این آئی) دورہ ویسٹ انڈیز کی تیاریوں کیلئے پاکستان ٹیسٹ سکواڈ کا ٹریننگ کیمپ راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں دوسرے روز بھی جاری رہا، کیمپ کے دوسرے روز کھلاڑیوں نے سناریو بیسڈ میچ میں حصہ لیا، دو روزہ سناریو بیسڈ میچ میں کھلاڑی لمبی بیٹنگ اور باؤلنگ پر کام کریں گے، سناریو میچ میں قومی ٹیسٹ سکواڈ کے کوچز سرفراز احمد، اسد شفیق اور عمر گل کھلاڑیوں کی فارم، فٹنس اور سکلز کا بخوبی جائزہ بھی لیں گے، میچ سے قبل کھلاڑیوں نے گراؤنڈ فیلڈنگ کے علاوہ سلیپ اور ہائی کیچز کی پریکٹس بھی کی، پاکستان ٹیسٹ سکواڈ دورہ ویسٹ انڈیز کے لیے 13 جولائی بروز سوموار اسلام آباد سے روانہ ہوگا، پاکستان ٹیسٹ ٹیم ویسٹ انڈیز میں 18 سے 21 جولائی تک چار روزہ پریکٹس میچ بھی کھیلے گی، پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے دو ٹیسٹ میچ 25 جولائی سے 10 اگست تک برائن لارا کرکٹ اکیڈمی ٹوروبا اور کوئنز پارک اوول پورٹ آف سپین میں شیڈول ہیں

دی ہنڈرڈ، فاسٹ بولر محمد عامر کا معاہدہ ہو گیا

لندن (این این آئی) پاکستان کے سابق ٹیسٹ فاسٹ بولر محمد عامر نے انگلینڈ کی معروف فرنچائز کرکٹ لیگ دی ہنڈرڈ میں معاہدہ کر لیا ہے۔ محمد عامر ٹرینٹ راکٹس کی نمائندگی کریں گے، جہاں انہیں ڈیوڈ پین کی جگہ اسکواڈ میں شامل کیا گیا ہے۔ محمد عامر کو برطانوی پاسپورٹ ملنے کے بعد انگلش ڈومیسٹک کرکٹ میں مقامی کھلاڑی کا درجہ حاصل ہو گیا ہے۔ وہ اب اوورسیز پلیئر کی بجائے مقامی کھلاڑی کے طور پر کھیل سکیں گے۔

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

اندراج تاریخ پیدائش | اندراج تاریخ وفات | اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام | درستگی نام | اعلان لاتعلقی
عاق نامہ | اطلاع گمشدگی

تحصیلدار اوراشتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔

Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1

قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جا رہی ہے ۔ترجمان سٹی ٹریفک پولیس مری کے مطابق بلا لائسنس ڈرائیونگ کے خلاف خصوصی مہم میں مزید سختی لائی جارہی ہے اور ٹریفک قوانین پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے مختلف شاہراہوں اور اہم مقامات پر روزانہ خصوصی ناکہ بندیاں اور چیکنگ جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بغیر ڈرائیونگ لائسنس گاڑی چلانا قانونی جرم ہے، اس لیے تمام شہری ڈرائیونگ کے دوران اپنا اصل ڈرائیونگ لائسنس ہمراہ رکھیں۔ چیف ٹریفک آفیسر مری منیر احمد ہاشمی نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ بغیر ڈرائیونگ لائسنس کسی بھی صورت گاڑی یا موٹر سائیکل نہ چلائیں اور ٹریفک قوانین کی مکمل پابندی کرتے ہوئے ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک قوانین پر عمل درآمد نہ صرف قانونی تقاضا ہے بلکہ اپنی اور دوسروں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے بھی ناگزیر ہے۔ ترجمان نے واضح کیا کہ سٹی ٹریفک پولیس مری بلا لائسنس ڈرائیونگ کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے اور قانون شکنی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی۔ شہریوں سے کہا گیا ہے کہ محفوظ سفر کے لیے تمام قانونی دستاویزات اپنے ہمراہ رکھیں اور کسی بھی قسم کی ٹریفک رہنمائی یا معلومات کے لیے سٹی ٹریفک پولیس مری کے کنٹرول روم 051-9269200 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 2

صلاحیتیں، وسیع تجربہ اور مثالی قائدانہ اوصاف پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کو مزید فعال بنانے اور اسے جدید خطوط پر استوار کرنے میں کلیدی کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان کی یہ تعیناتی محکمہ اطلاعات کے لیے ایک مثبت اور انتہائی خوش آئند قدم ہے۔ وشال امیر نے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ میڈم رئیسہ عادل اپنے پیشہ ورانہ سفر کے اس نئے مرحلے میں بھی کامیابیوں کے نئے ریکارڈ قائم کریں گی۔

بقیہ 3

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں حکومت نے گزشتہ ایک سال کے دوران معاشی استحکام کے لیے مشکل مگر ضروری فیصلے کیے، جن کے نتیجے میں مہنگائی میں نمایاں کمی، زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ، سرمایہ کاروں کے اعتماد کی بحالی اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں ریکارڈ بہتری دیکھنے میں آئی ہے ۔ ایڈیٹرز کونسل فیصل آباد کے زیر اہتمام منعقدہ اجلاس میں سیکرٹری جنرل ایڈیٹرز کونسل فیصل آباد، سید محمد منیر جیلانی نے ڈائریکٹر جنرل پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ (پی آئی ڈی) لاہور شفقت عباس خان کا خیر مقدم کیا۔ اپنے استقبالیہ کلمات میں انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے علاقائی میڈیا سے براہِ راست رابطے کا فروغ ایک خوش آئند اقدام ہے، جس سے نہ صرف حکومت اور میڈیا کے درمیان اعتماد میں اضافہ ہوگا بلکہ قومی بیانیے کو مؤثر انداز میں عوام تک پہنچانے میں بھی مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ علاقائی اخبارات ہمیشہ عوامی مسائل اور زمینی حقائق کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرتے رہے ہیں، اس لیے قومی پالیسی سازی اور اطلاعاتی حکمت عملی میں علاقائی میڈیا کو شامل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس نوعیت کی نشستوں کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا تاکہ وفاق اور مختلف علاقوں کے درمیان مؤثر روابط کو مزید فروغ دیا جاسکے۔ شفقت عباس خان کے مطابق عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف)، بین الاقوامی مالیاتی اداروں اور ریٹنگ ایجنسیوں نے بھی پاکستان کی معاشی سمت اور اصلاحاتی اقدامات کو مثبت قرار دیا ہے، جس سے عالمی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیصل آباد ملک کا صنعتی مرکز ہے اور صنعتی ترقی سے برآمدات، روزگار اور کاروباری سرگرمیوں میں اضافہ ممکن ہوگا۔ حکومت صنعت دوست ماحول، سرمایہ کاری کے فروغ اور نجی شعبے کی حوصلہ افزائی کے لیے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ خطاب میں کہا گیا کہ حکومت بنیادی ڈھانچے، رابطہ کاری، عوامی سہولیات اور قومی ترقی کے منصوبوں پر خصوصی توجہ دے رہی ہے ، جبکہ زرعی شعبے میں جدید ٹیکنالوجی، معیاری بیج، بہتر آبی انتظام اور زرعی برآمدات میں اضافے کے لیے بھی مختلف اقدامات کیے جارہے ہیں تاکہ غذائی تحفظ اور پائیدار معاشی ترقی کو یقینی بنایا جاسکے۔ سکیورٹی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے مقرر نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے دہشت گردی کے خلاف مؤثر کارروائیوں اور سرحدی انتظام کو مزید مضبوط بنایا ہے، جس سے ملک میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہوئی اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول پیدا ہوا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے سفارتی محاذ پر بھی اہم پیش رفت کی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں متوازن خارجہ پالیسی کے ذریعے امریکہ، چین، اسلامی ممالک اور ڈی 8- سمیت مختلف عالمی شراکت داروں کے ساتھ تعلقات کو مزید مضبوط بنایا گیا، جس سے تجارت، سرمایہ کاری اور علاقائی تعاون کے نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں۔ شفقت عباس خان نے میڈیا کے کردار پر زور دیتے ہوئے کہا کہ غلط معلومات کے تیزی سے پھیلنے کے اس دور میں حقائق پر مبنی، متوازن اور ذمہ دارانہ صحافت ناگزیر ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تعمیری تنقید اداروں کو مضبوط بناتی ہے، جبکہ تصدیق شدہ معلومات اور مثبت حل پر مبنی رپورٹنگ قومی یکجہتی اور عوامی اعتماد میں اضافہ کرتی ہے۔ اجلاس کے دوران مختلف علاقائی اخبارات کے مدیران نے اظہار خیال کرتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل پی آئی ڈی لاہور کی فیصل آباد آمد کو خوش آئند قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے علاقائی میڈیا سے براہِ راست رابطے اور مشاورت کا فروغ قابلِ ستائش اقدام ہے، جس سے قومی بیانیے کی تشکیل میں علاقائی صحافت کو مؤثر انداز میں شامل کیا جارہا ہے۔ مدیران نے اس امر پر بھی زور دیا کہ وفاق اور علاقائی میڈیا کے درمیان اس نوعیت کی نشستیں باہمی اعتماد کو فروغ دیتی ہیں، زمینی حقائق کو حکومتی سطح تک پہنچانے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں اور قومی یکجہتی کو مزید مضبوط بناتی ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ پی آئی ڈی مستقبل میں بھی ملک بھر کے علاقائی میڈیا کے ساتھ اسی طرح کے رابطوں کا سلسلہ جاری رکھے گا۔ آخر میں شفقت عباس خان نے میڈیا نمائندگان کی آراء اور تجاویز کو ملکی ترقی کے لیے اہم قرار دیتے ہوئے ان کے تعاون پر شکریہ ادا کیا، جبکہ ایڈیٹرز کونسل فیصل آباد کی جانب سے انہیں یادگاری شیلڈ بھی پیش کی گئی۔

بقیہ 4

کیے۔ اجلاس میں حلقہ وہلی 4 کے امیدوار یاسین لون، سردار طارق، حافظ عبداللہ بٹ، مرزا منصور بیگ، تنویر اختر شیخ، ملک سلطان محمود، سرمد خان، عامر بٹ، رضوان عباسی، حاجی گوگا بٹ، اصغر راجپوت، شازیہ ساجد، محمد شفیق، رانا سرفراز، نسیم عرف نواز شریف اور ابراہیم بٹ سمیت بڑی تعداد میں پارٹی رہنماؤں اور کارکنوں نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سینیٹر ناصر محمود بٹ اور خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) خدمت اور ترقی کی سیاست پر یقین رکھتی ہے اور پنجاب میں عوامی فلاح و بہبود کے ریکارڈ منصوبے مکمل کیے گئے ہیں، جن کے مثبت اثرات آزاد کشمیر کے انتخابات میں بھی نمایاں نظر آئیں گے۔ اس موقع پر یاسین لون اور دیگر رہنماؤں نے قیادت کو یقین دلایا کہ حلقہ وہلی 4 میں انتخابی مہم بھرپور انداز میں جاری ہے اور کارکن گھر گھر جا کر پارٹی کا پیغام پہنچا رہے ہیں۔ اجلاس کے اختتام پر انتخابی سرگرمیوں کو مزید تیز کرنے ، ووٹرز کو متحرک کرنے اور مختلف انتخابی کمیٹیاں تشکیل دینے کا فیصلہ کیا گیا، جبکہ اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے انتخابات میں بھرپور کامیابی حاصل کرے گی۔

بقیہ 5

پولیس نے کرائم سین کو سیل کر کے شواہد اکٹھے کیے اور لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال منتقل کیا جہاں رات گئے ضابطے کی کارروائی کے نعش ورثاء کے حوالے کر دی گئی۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کی تفتیش جدید سائنسی خطوط پر کی جا رہی ہے اور پوسٹ مارٹم رپورٹ کے بعد ہی ملزم کی موت کی اصل وجہ قتل یا خودکشی کا تعین ہوسکے گا۔ یاد رہے کہ 5 جولائی کو کھینگر ممدال میں مویشی باندھنے کے معمولی تنازع پر فائرنگ کر کے ارشد محمود اور ان کے بیٹے مصدق حسین کو قتل کر دیا گیا تھا۔ مقتول ارشد محمود کے بھائی محمد منیر کی مدعیت میں تھانہ گوجرخان میں ماسٹر عاطف اور اس کے بھائی مدثر رفیق کے خلاف دوہرے قتل کا مقدمہ درج تھا۔

بقیہ 6

عائد کیا گیا۔ ترجمان پنجاب فوڈ اتھارٹی کے مطابق کارروائی کے دوران 29 دودھ بردار گاڑیوں کی جانچ کی گئی، جن میں موجود تقریباً 25 ہزار لیٹر دودھ کے نمونے جدید فوڈ سیفٹی آلات کی مدد سے چیک کیے گئے ۔ معائنے کے دوران 2 ہزار لیٹر پانی ملا دودھ ناقابل استعمال قرار دے کر موقع پر ہی تلف کر دیا گیا۔ یہ دودھ ضلع جھنگ سے راولپنڈی اور اسلام آباد سپلائی کیا جانا تھا۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ پنجاب فوڈ اتھارٹی شہریوں کو معیاری اور محفوظ خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے دودھ بردار گاڑیوں کی روزانہ کی بنیاد پر نگرانی اور چیکنگ کرتی ہے تاکہ ملاوٹ مافیا کی حوصلہ شکنی کی جاسکے اور عوام کی صحت کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ ملاوٹی یا ناقص خوراک، خصوصاً دودھ سے متعلق کسی بھی شکایت کی صورت میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ہیلپ لائن 1223 پر فوری اطلاع دیں تاکہ بروقت کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔

بقیہ 7

مطابق ایل پی جی پلانٹس کو سرکاری نظام کے تحت نسبتاً کم نرخوں پر گیس محدود مقدار میں فراہم کی جاتی ہے ، تاہم طلب زیادہ ہونے کے باعث باقی ضرورت نجی یا درآمدی ذرائع سے حاصل کی جانے والی ایل پی جی سے پوری کی جاتی ہے ، جس کی قیمت زیادہ ہوتی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اسی وجہ سے سپلائی چین میں سرکاری اور نجی نرخوں پر حاصل کی گئی ایل پی جی ایک ساتھ فروخت ہوتی ہے، جس کے نتیجے میں اوگرا کے مقررہ نرخوں کا عملی فائدہ صارف تک نہیں پہنچ پاتا۔ دوسری جانب ڈسٹری بیوٹر اور ایجنسی مالکان کا کہنا ہے کہ انہیں پلانٹس سے ایل پی جی مہنگے داموں فراہم کی جاتی ہے، اس لیے ان کے لیے اوگرا کے مقررہ نرخ پر فروخت ممکن نہیں رہتی۔ ان کا مؤقف ہے کہ اگر وہ سرکاری نرخ پر فروخت کریں تو نقصان اٹھانا پڑتا ہے، جبکہ اصل خریداری کے مطابق قیمت وصول کرنے پر جرمانوں، دکانوں کی سیلنگ اور انتظامی کارروائیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس تمام صورتحال میں سب سے زیادہ متاثر عام شہری ہیں، جو ایک طرف مہنگا ایل پی جی سلنڈر خریدنے پر مجبور ہیں اور دوسری جانب پلانٹس، ڈسٹری بیوٹرز اور متعلقہ اداروں کے درمیان جاری اختلافات کا خمیازہ بھگت رہے ہیں۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر مسئلہ سپلائی چین میں ہے تو اس کا حل بھی وہیں تلاش کیا جانا چاہیے، نہ کہ صرف آخری مرحلے پر کارروائیاں کر کے عوام اور کاروباری طبقے کو مزید مشکلات میں ڈالا جائے ۔ شہریوں اور کاروباری حلقوں نے نو تعینات کمشنر راولپنڈی اور ڈپٹی کمشنر راولپنڈی سے مطالبہ کیا ہے کہ ایل پی جی کی خریداری سے لے کر صارف تک فروخت کے پورے نظام کا جامع آڈٹ کرایا جائے ، سرکاری اور نجی ایل پی جی کی سپلائی کا الگ ریکارڈ مرتب کیا جائے ، منافع کی حد اور قیمتوں کے تعین کے لیے واضح ایس او پیز نافذ کیے جائیں، اور سپلائی چین کے جس مرحلے پر بھی بے ضابطگی، ناجائز منافع خوری یا نرخوں کی خلاف ورزی سامنے آئے ، وہاں بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ اوگرا کے مقررہ نرخوں پر حقیقی معنوں میں عمل درآمد ممکن ہو، ڈسٹری بیوٹرز غیر ضروری دباؤ سے بچ سکیں اور عام صارف کو بھی سرکاری نرخوں پر ایل پی جی کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔

بقیہ 8

کی اور حکومت کی معاشی پالیسیوں کے خلاف شدید احتجاج ریکارڈ کرایا احتجاجی ریلی کی قیادت جماعت اسلامی کے مقامی رہنماؤں رفیع الدین چنا غلام شبیر میرانی اور طالب حسین سبزوئی نے کی ریلی سٹی پارک سے شروع ہوئی اور شہر کی مختلف شاہراہوں بازاروں اور اہم چوراہوں سے گزرتی ہوئی گھنٹہ گھر چوک پہنچی جہاں شرکاء نے حکومت مخالف نعرے لگائے بعد ازاں ریلی پریس کلب کندھ کوٹ کے سامنے اختتام پذیر ہوئی جہاں احتجاجی مظاہرہ کیا گیا شرکاء ہاتھوں میں جماعت اسلامی کے پرچم بینرز اور پلے کارڈز اٹھائے ہوئے تھے جن پر مہنگائی کے خاتمے پیٹرولیم لیوی ٹیکس کی منسوخی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خاتمے اور عوام کو فوری ریلیف دینے کے مطالبات درج تھے مظاہرین نے کہا کہ مسلسل بڑھتی مہنگائی اور ایندھن کی قیمتوں میں اضافے نے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنادی ہے اور غریب و متوسط طبقہ شدید معاشی دباؤ کا شکار ہے اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے جماعت اسلامی کے رہنماؤں نے کہا کہ ایران اور امریکہ کے درمیان کشیدگی ختم ہونے کے باوجود پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم نہیں کی گئیں جس سے یہ تاثر ملتا ہے کہ حکومت عوام کو ریلیف دینے میں سنجیدہ نہیں انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے صرف ایک روپیہ 97 پیسے فی لیٹر کمی کرنا عوام کے ساتھ مذاق ہے کیونکہ موجودہ مہنگائی میں اس معمولی کمی سے کسی شہری کو کوئی حقیقی فائدہ نہیں پہنچ سکتا رہنماؤں نے کہا کہ موجودہ حالات میں عوام تقریباً 300 روپے فی لیٹر پیٹرول خریدنے پر مجبور ہیں جس کے باعث ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ اور کاروباری سرگرمیوں پر منفی اثرات مرتب ہورہے ہیں انہوں نے مطالبہ کیا کہ پیٹرول کی قیمت کم کر کے 225 روپے فی لیٹر مقرر کی جائے پیٹرولیم لیوی ٹیکس مکمل طور پر ختم کیا جائے بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا جائے اور مہنگائی سے متاثرہ غریب مزدور کسان تاجر اور متوسط طبقے کو فوری ریلیف فراہم کیا جائے مقررین نے کہا کہ ملک کے عوام پہلے ہی بے روزگاری مہنگائی بجلی کے بھاری بلوں اور معاشی مشکلات کا سامنا کررہے ہیں ایسے میں پیٹرولیم مصنوعات پر بھاری ٹیکس عائد رکھنا عوام پر مزید بوجھ ڈالنے کے مترادف ہے انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ عوام دوست معاشی پالیسیاں اختیار کی جائیں تاکہ شہریوں کو ریلیف مل سکے اور معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں احتجاج کے اختتام پر جماعت اسلامی کے رہنماؤں نے خبردار کیا کہ اگر حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی پیٹرولیم لیوی ٹیکس کے خاتمے بجلی کی لوڈشیڈنگ کی منھگائی کے خاتمے اور عوامی ریلیف سے متعلق مطالبات پر فوری عمل درآمد نہ کیا تو جماعت اسلامی اپنے احتجاجی دائرہ کار کو مزید وسیع کرے گی اور ملک بھر میں عوامی سطح پر بھرپور احتجاجی تحریک چلائی جائے گی

بقیہ 9

کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی اور کسی کو انسانی جانوں کو خطرے میں ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ غیر قانونی پیٹرول فروخت کی اطلاع فوری طور پر ضلعی انتظامیہ یا سول ڈیفنس کو دیں تاکہ ایسے عناصر کے خلاف بروقت قانونی کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔

بقیہ 10

کرنے کے دوران گہرے پانی میں چلا گیا اور ڈوب گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی مقامی افراد نے اپنی مدد آپ کے تحت تلاش کا عمل شروع کر دیا، تاہم آخری اطلاعات تک نوجوان کی لاش برآمد نہیں ہو سکی تھی اور تلاش کا سلسلہ جاری تھا۔ متوفی کے ورثا اور علاقہ مکینوں نے متعلقہ انتظامیہ اور امدادی اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ ریسکیو کارروائیوں میں تیزی لائی جائے اور جدید وسائل بروئے کار لا کر نوجوان کی لاش جلد از جلد تلاش کی جائے تاکہ سوگوار خاندان کی پریشانی کا خاتمہ ہو سکے۔ اس افسوسناک واقعے کے بعد قمرانی لاڑی اور گردونواح میں غم کی فضا چھا گئی ہے، جبکہ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ آبی مقامات پر حفاظتی انتظامات اور بروقت ریسکیو سہولیات کو یقینی بنایا جائے تاکہ مستقبل میں ایسے المناک واقعات سے بچا جاسکے۔

بقیہ 11

موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ثاقب عدنان نے کہا کہ شہریوں کو بازاروں میں بلا رکاوٹ آمدورفت کی سہولت فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ تجاوزات کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہوتی ہے اور عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ، لہٰذا شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے دکانداروں سے اپیل کی کہ وہ از خود تجاوزات ختم کر کے انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں، بصورت دیگر قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 12

رپورٹ کے مطابق فائر بریگیڈ کی پہلی گاڑی 10 بجکر 2 منٹ پر بازار میں داخل ہوئی، راولپنڈی ریسکیو اور پاک بحریہ کے واٹر براؤزرز نے امدادی سرگرمی میں حصہ لیا، رات ایک بج کر 20 منٹ پر انچ نائن بازار میں لگی آگ پر قابو پا لیا گیا تھا۔ وینڈرز کی جانب سے سٹالز کو بطور گودام استعمال کرنے اور کرایہ پر دینے کا انکشاف بھی سامنے آیا ہے، سٹالز آگے کرایہ پر دینے کی وجہ سے فائر سیفٹی سٹینڈرڈز کا خیال نہیں رکھا گیا۔ آگ لگنے کے وقت فائر ٹینڈر ڈیوٹی کے مقام پر موجود نہیں پایا گیا، چوکیدار ریسکیو کو بتانے کے بجائے آگ بجھانے کی کوشش کرتے رہے ، آگ لگنے کی حتمی وجوہات کا تعین فرانزک ٹیم کی رپورٹ کے بعد کیا جائے گا۔ مستقبل میں ایسے واقعات سے بچنے کیلئے کمیٹی کی جانب سے مختلف سفارشات تجویز کی گئی ہیں، رات کے اوقات میں سٹالز میں سامان رکھنے پر سختی سے پابندی عائد کرنے کی سفارش کی گئی، دکانداروں کو سٹالز پر سامان صرف بازار کے اوقات کار کے دوران رکھنے کا پابند بنایا جائے۔ سفارش کی گئی کہ کمیٹی کی جانب سے بازار کا فائر سیفٹی آڈٹ کرایا جائے ، بازار میں آسانی آگ پکڑنے والے ترپال کے استعمال پر پابندی عائد کی جائے ۔مختلف سفارشات میں کہا گیا کہ سٹالز کی سب لیزنگ پر پابندی عائد کی جائے اور خلاف ورزی پر الاٹمنٹ منسوخ کی جائے ، کمیٹی کی جانب سے ایمرجنسی سروسز کی آپریشنز کو مزید بہتر کرنے کی سفارش بھی کی گئی۔

بقیہ 13

نے سیف سٹی ڈویژن میں موجود گاڑیوں کی انسپکشن کی ، اس موقع پر دیگر پولیس افسران بھی موجود تھے ، ایس ایس پی آپریشنز سیف سٹی نے گاڑیوں کی انسپکشن کے ساتھ ان کی اوور ہالنگ اور مینٹیننس کا جائزہ لیا۔ انہوں نے تمام افسران کو گاڑیوں کو درست حالت میں رکھنے کے احکامات جاری کیئے ۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ شہریوں کی فوری مدد اور امن و امان کے قیام میں ان گاڑیوں کا اہم کردار ہے، ان کی بہترین حالت اور دیکھ بھال ہماری ذمہ داری ہے۔

بقیہ 14

مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت میں فول پروف سکیورٹی کو یقینی بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کئے ہیں۔ اس سلسلے میں ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا نے مختلف ناکہ جات اور ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کیا اور موقع پر موجود پولیس افسران و جوانوں کے ساتھ ملاقات کی۔ انہوں نے چیکنگ کے عمل کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ناکہ بندی کو مزید مؤثر اور بامقصد بنایا جائے ۔ تمام افسران ہمہ وقت الرٹ رہیں، مشکوک افراد اور گاڑیوں کی مؤثر چیکنگ کو یقینی بنائیں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ حکام کو دیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام افسران و جوان شہریوں سے خوش اخلاقی اور احترام کے ساتھ پیش آئیں تاکہ پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کے رشتے کو مزید مضبوط کیا جا سکے۔ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے اور سکیورٹی کے تمام اقدامات اسی مقصد کے تحت کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ پولیس اسٹیشن یا پولیس ہیلپ لائن "پکار-15" پر دیں۔

بقیہ 15

انسپکٹر جنرل آف پولیس اسٹیبلشمنٹ شعیب مسعود نے سنٹرل پولیس آفس اسلام آباد میں اردل روم کا انعقاد کیا، جس میں پولیس افسران نے شرکت کی، اردل روم میں پولیس افسران نے ذاتی اور سرکاری نوعیت کے مسائل اے آئی جی اسٹیبلشمنٹ کے سامنے رکھے، حل طلب مسائل کا موقع پر ہی احکامات جاری کئے گئے باقی مسائل کے حل کے لئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ پولیس ملازمین کی ویلفیئر کے لئے متعدد اقدامات کئے گئے ہیں جن میں رہائش، بہترین طبی سہولیات اور تعلیم کے معیار کو بہتر بنانا شامل ہیں، آپ کو کسی بھی قسم کا مسئلہ درپیش ہو تو میرے دفتر کا دروازہ آپ کے لئے ہمیشہ کھلا ہے، ہم سب نے مل کر اس شہر کی بہتری میں اپنا کردار ادا کرنا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ اردل روم کے انعقاد کا مقصد پولیس افسران کی ویلفیئر، ذاتی و سرکاری مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے ساتھ ان کے مورال کو بلند کرنا ہے۔

بقیہ 16

کی روشنی میں مقدمہ درج کر کے مقتولہ کی پوتی اور پوتی کے شوہر کو شامل تفتیش کیا تو ملزمان نے قتل کی واردات کا انکشاف کر لیا، ملزمان نے معمولی رقم کی لالچ میں مقتولہ کو پھندہ دے کر قتل کیا اور طلائی زیورات اتار کر بیچ دیئے تھے، ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان نے کہا کہ ملزمان کتنے ہی شاطر کیوں نہ ہوں قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 17

کام کرتا تھا، زیر حراست شخص نے اجرت کی رقم مانگنے پر قتل کیا اور موقعہ سے فرار ہو گیا تھا، صادق آباد پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر لیا، ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ زیر حراست شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 18

روڈ سیفٹی سیمینار کا انعقاد کیا۔ جس میں چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر خان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر آئی ٹی پی ایف ایم 92.4 عائشہ جمیل، ایجوکیشن ونگ اور ہلال احمر کے افسران نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ سیمینار کے دوران ایجوکیشن ونگ نے شرکاء کو ٹریفک قوانین کی پابندی، محفوظ ڈرائیونگ، سیٹ بیلٹ اور ہیلمٹ کے استعمال، رفتار کی حد، پیدل چلنے والوں کے حقوق اور دوران ڈرائیونگ موبائل فون کے استعمال سے اجتناب کے حوالے سے آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر سی ٹی او اسلام آباد نے کہا کہ روڈ سیفٹی کا فروغ اور ٹریفک قوانین پر مکمل عملدرآمد قیمتی انسانی جانوں کے تحفظ کیلئے ناگزیر ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تمام شہری، بالخصوص اداروں سے وابستہ افراد ٹریفک قوانین کی پاسداری کو اپنی روزمرہ زندگی کا حصہ بنائیں تاکہ ایک محفوظ اور مہذب ٹریفک کلچر کو فروغ دیا جا سکے۔ مزید براں ایجوکیشن ونگ کے افسران نے شرکاء سے اپیل کی کہ وہ نہ صرف خود ٹریفک قوانین پر عمل کریں بلکہ اپنے اردگرد موجود افراد میں بھی روڈ سیفٹی کے حوالے سے آگاہی پیدا کریں تاکہ ٹریفک حادثات میں کمی لائی جا سکے۔ ٹریفک قوانین پر عملدرآمد نہ صرف اپنی بلکہ دیگر شہریوں کی جانوں کے تحفظ کے لیے بھی انتہائی ضروری ہے۔ اس دوران ٹریفک قوانین کے متعلق سوال و جواب کا بھی سیشن منعقد کیا گیا۔ درست جوابات دینے والے شرکاء میں انعامات تقسیم کئے گئے۔ جبکہ تقریب کے اختتام پر ٹریفک پولیس اور ہلال احمر کے افسران کے درمیان اعزازی شیلڈز کا بھی تبادلہ کیا گیا۔

بقیہ 19

غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 22 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 1185 گرام چرس، 1697 گرام آئس، 570 گرام ہیروئن، 30 بوتل شراب، دو گنیں، ایک رائفل اور مختلف بور کے 13 پستول معہ ایمونیشن برآمد کئے گئے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروروان کی گرفتاری کیلئے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران 18 مجرمان کی گرفتاری بھی عمل میں لائی گئی۔

بقیہ 20

کہ کل چولستان اور جنوبی پنجاب کے اضلاع میں گرمی اور حبس کی شدت میں اضافے کا خدشہ ہے، جس کے باعث صاف پانی فلٹریشن پلانٹس اور واٹر باوزرز اور ٹوبہ جات میں بھی پانی کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر زیادہ گرمی اور حبس والے اضلاع میں سموگ گنز پہنچا دی گئیں ہیں، جولائی میں گرمی و حبس کی لہر برقرار رہنے کی پیشگوئی ہے، عوام کو بروقت آگاہی فراہم کرنے کے لئے 24 گھنٹے کنٹرول رومز کے ذریعے مانیٹرنگ جاری ہے۔ ترجمان کے مطابق گرمی و حبس کی لہر کے پیش نظر تمام اضلاع کے کنٹرول رومز کو ہائی الرٹ پر رکھا گیا ہے، کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری ردعمل یقینی بنایا جائے،

بقیہ 21

اس موقع پر ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز محمد عتیق طاہر، اے آئی جی لاجسٹکس عبد الحق عمرانی اور دیگر پولیس افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ دورے کے دوران اے آئی جی لاجسٹکس نے آئی جی اسلام آباد کو پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز کے انٹری پوائنٹ پر سکیورٹی انتظامات، انٹری مینجمنٹ سسٹم اور دیگر حفاظتی اقدامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ آئی جی اسلام آباد نے تمام افسران کو ہدایت کی کہ پولیس لائنز میں فول پروف سکیورٹی انتظامات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور تمام افسران و اہلکار مستعدی، ذمہ داری اور پیشہ ورانہ انداز میں اپنے فرائض سرانجام دیں۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ پولیس لائنز میں سکیورٹی اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے، آنے جانے والے تمام افراد کی جامع اور مؤثر چیکنگ یقینی بنائی جائے ، جبکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے نفری کو پیشگی بریف کیا جائے اور تمام ڈیوٹی پوائنٹس کا باقاعدگی سے معائنہ کیا جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ ڈیوٹی پر تعینات تمام اہلکاروں کو مکمل حفاظتی کٹ کے ساتھ تعینات کیا جائے۔ مزید برآں، تمام سینئر پولیس افسران پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز اور دیگر اہم سرکاری تنصیبات کا باقاعدگی سے دورہ کریں اور جاری کردہ ہدایات پر مؤثر عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔ بعد ازاں انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد، سید علی ناصر رضوی نے سنٹرل پولیس آفس اسلام آباد میں "اوپن ڈور پالیسی" کے تحت کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ اس موقع پر انہوں نے شہریوں اور پولیس افسران کے مسائل سنے اور ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری ہدایات جاری کیں۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ شہریوں کے مسائل کو میرٹ اور ترجیحی بنیادوں پر فوری حل کرنا اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 22

ہفتہ 11 جولائی کو سہ پہر 3 بجے سے رات 12 بجے تک راولپنڈی۔ مری۔ کشمیر روڈ ٹریٹ سیداں کے مقام پر ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند رہے گی۔ اس دوران جلوس کے روٹ اور ملحقہ علاقوں میں ٹریفک کی نقل و حرکت کو متبادل راستوں کے ذریعے برقرار رکھا جائے گا جبکہ سٹی ٹریفک پولیس کے افسران اور اہلکار مختلف مقامات پر تعینات رہ کر شہریوں اور سیاحوں کی رہنمائی کریں گے ۔ سٹی ٹریفک پولیس مری نے شہریوں، سیاحوں اور دیگر مسافروں سے اپیل کی ہے کہ جلوس کے اوقات میں ٹریٹ سیداں روڈ پر غیر ضروری سفر سے گریز کریں، اپنی منزل تک پہنچنے کے لیے متبادل راستے اختیار کریں اور پیشگی سفری منصوبہ بندی کو یقینی بنائیں تاکہ کسی بھی قسم کی دشواری سے بچا جاسکے۔ ترجمان سٹی ٹریفک پولیس مری نے عوام سے مزید اپیل کی کہ دوران جلوس ٹریفک پولیس کے اہلکاروں سے مکمل تعاون کریں، جاری کردہ ہدایات پر عمل کریں اور نظم و ضبط برقرار رکھنے میں انتظامیہ کا ساتھ دیں تاکہ مذہبی اجتماع پرامن ماحول میں اختتام پذیر ہو اور ٹریفک کی روانی بھی متاثر نہ ہو۔

بقیہ 23

طالبات کو پولیس ورکنگ اور پولیسنگ کے مختلف شعبوں پر لیکچرز دیئے۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب عبدالکریم کے ویژن کے مطابق راولپنڈی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ پروگرام کے 46 ویں بیچ کا اختتام ہو گیا، انٹرن شپ پروگرام میں مختلف تعلیمی اداروں کے طلباء و طالبات نے شرکت کی، دو ہفتے کے انٹرن شپ پروگرام میں سینئر پولیس افسران نے طلباء و طالبات کو پولیس ورکنگ اور پولیسنگ کے مختلف شعبوں پر لیکچرز دیئے، انٹرن شپ پروگرام کے تحت طلباء و طالبات کو پولیس اسٹیشن ورکنگ، پولیس خدمت مرکز، فرنٹ ڈیسک، مختلف پولیس ایپس، ٹریفک پولیس، قانونی اور عدالتی کارروائی کے بارے میں آگاہی دی گئی، طلباء و طالبات کو سپیشل انیشیٹو پولیس اسٹیشنز، پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز، کمانڈ اینڈ کنٹرول روم، ٹریفک ہیڈکوارٹرز، پولیس خدمت مرکز لیاقت باغ اور لیگل برانچ کا بھی دورہ کروایا گیا تاکہ وہ عملی طور پر پولیسنگ سے آگاہی حاصل کر سکیں، انٹرن شپ پروگرام میں حصہ لینے والے طلباء و طالبات اور نوجوانوں کو پولیس آگاہی مہم میں شامل کیا جائے گا، نوجوان نسل پولیس ورکنگ اور سروس ڈیلیوری کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے، انٹرن شپ پروگرام کا مقصد شہریوں خصوصاً نوجوان طلباء و طالبات کو مؤثر پولیسنگ ، جرائم کی روک تھام، منشیات کے تدارک، کمیونٹی پولیسنگ کے لیے معاون بنانا ہے، تقریب کے اختتام پر ڈی ایس پی ایڈمن شاہدہ یاسمین نے فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ پروگرام میں شامل طلباء و طالبات میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے۔

بقیہ 24

پی کینٹ، ایس ایچ او ز آرائے بازار وریس کورس، ایلیٹ فورس و ضلعی پولیس کے افسران و اہلکاروں سمیت شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی، کانسٹیبل رضوان خان گزشتہ روز حرکت قلب بند ہونے کی وجہ سے انتقال کر گئے تھے ، کانسٹیبل رضوان خان سال 2002 میں محکمہ میں بھرتی ہوئے اور ایلیٹ فورس میں تعینات تھے، سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کا کہنا تھا کہ مرحوم انتہائی محنتی اور قابل پولیس افسر تھے جنکی راولپنڈی پولیس کے لئے خدمات قابل قدر ہیں، دکھ کی اس گھڑی میں لواحقین کے ساتھ کھڑے ہیں، مرحوم کی تدفین ان کے آبائی علاقہ کہوٹہ میں کی جائے گی۔

بقیہ 25

آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں ایس ایس پی سکیورٹی آپریشنز اسلام آباد سلیمان ظفر کی سپر ویژن میں زونل ایس پیز کی زیر نگرانی مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومبنگ آپریشن کیے گئے۔ سرچ آپریشن کے دوران 561 افراد، 254 گھروں، 24 ہوٹلوں، 66 دکانیں، 242 موٹر سائیکلوں اور 135 گاڑیوں کو چیک کیا گیا جبکہ جانچ پڑتال کیلئے 13 مشکوک افراد اور 28 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل بھی کیا گیا۔ ایس ایس پی سکیورٹی آپریشنز اسلام آباد سلیمان ظفر کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو موثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کیے جارہے ہیں۔ اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ شہریوں سے گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر فوری اطلاع دیں۔

بقیہ 26

کی انجام دہی میں کسی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 27

میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے دفتری ریکارڈ، فائلوں کے نمٹانے کے عمل اور عوامی شکایات کے ازالے کے لیے کیے گئے اقدامات کا باریک بینی سے معائنہ کیا۔ انہوں نے انتظامی شفافیت کو برقرار رکھنے اور تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ فرائض میں کسی بھی قسم کی غفلت یا سستی برداشت نہیں کی جائے گی، اور ضلع کے تمام اسکولوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 28

گہرے سمندر میں جاری ہے حادثے کے شکار طیارے کے مزید پرزے اور ملبہ سمندر سے برآمد کر لیا گیا۔ نیوی اور میری ٹائم سیکیورٹی ایجنسی کا مشترکہ سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن جاری ہیں، لاپتا عملےکی تلاش کیلئے فضائی اور بحری وسائل بھرپور استعمال کیے جارہے ہیں، مزید پیش رفت سے بروقت آگاہ کیا جائے گا۔

بقیہ 29

کارروائی کے دوران چار غیر قانونی پٹرول ڈسپنسر مشینیں قبضے میں لے کر متعلقہ دکانوں کو سیل کر دیا گیا۔ اس موقع پر سول ڈیفنس آفیسر مرید عباس نے کہا کہ عوام کی جان و مال کے تحفظ اور آتشزدگی جیسے ممکنہ حادثات کی روک تھام کے لیے غیر قانونی پٹرول فروخت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے خبردار کیا کہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی اور کسی کو انسانی جانوں کو خطرے میں ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ غیر قانونی پٹرول فروخت کی اطلاع فوری طور پر ضلعی انتظامیہ یا سول ڈیفنس کو دیں تاکہ ایسے عناصر کے خلاف بروقت قانونی کارروائی عمل میں لائی جاسکے

بقیہ 30

سرفراز ڈوگر کی منظوری سے رجسٹرار ہائیکورٹ نے نوٹیفکیشن جاری کیا۔ ایڈمنسٹریشن کمیٹی کے پاس اسلام آباد ہائیکورٹ کے تمام انتظامی فیصلے کرنے کا اختیار ہوتا ہے۔

بقیہ 31

سطح اجلاس جمعہ کو یہاں منعقد ہوا۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق اجلاس میں وزیراعظم کو ایکسیس ٹو فائنانس پلان پر بریفنگ دی گئی اور معاشی استحکام سے پائیدار معاشی ترقی کے سفر کو تیز کرنے کیلئے ایکسیس ٹو فائنانس پلان کی ترجیحات اور اہداف پر روشنی ڈالی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ بنیادی ترجیحات میں مالی سہولیات کی فراہمی کو وسعت دینا اور اسے قومی سطح پر مرکزی دھارے کا حصہ بنانا شامل ہے۔ بریفنگ کے مطابق چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (ایس ایم ایز)، زراعت، برآمدات، قابل تجدید توانائی، ہاؤسنگ اور آئی ٹی شعبوں کے لیے آسان قرضوں اور کریڈٹ تک رسائی بڑھانا پلان کا مرکزی نکتہ ہے، برآمدات میں اضافہ، پائیدار معاشی ترقی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنا پلان کا بنیادی مقصد ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ اس منصوبہ پر عملدرآمد کرتے ہوئے وزارت خزانہ، سٹیٹ بینک آف پاکستان، صوبائی حکومتوں اور متعلقہ اداروں پر مشتمل پورے نظام پر مبنی طریقہ کار اختیار کیا جائے گا۔ وزیر خزانہ نئے گورننس سٹرکچر کی سربراہی کریں گے جبکہ گورنر سٹیٹ بینک آف پاکستان شریک سربراہ ہوں گے، گورننس سٹرکچر کے تحت باقاعدہ اجلاس منعقد ہوں گے اور وزیراعظم کو ہر ماہ پیش رفت سے آگاہ کیا جائے گا۔ بریفنگ کے مطابق نئے گورننس سٹرکچر کے تحت اگلے 2 سال کے لیے مختلف شعبوں میں مالی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے پرعزم اہداف مقرر کیے گئے ہیں۔ وزیراعظم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی پائیدار معاشی ترقی کے لیے مختلف شعبوں کو آسان شرائط پر مالی سہولیات کی فراہمی ناگزیر ہے، ایس ایم ای سیکٹر ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ بینک ترجیحی شعبوں بالخصوص ایس ایم ای سیکٹر کے لیے قرضوں کی فراہمی میں نمایاں اضافہ کریں۔ وزیراعظم نے کہا کہ آسان شرائط پر مالی سہولیات کی دستیابی سے برآمدات میں اضافہ، روزگار کے نئے مواقع اور پائیدار معاشی ترقی ممکن ہوگی، مالی سہولیات کی فراہمی میں بہتر کارکردگی دکھانے والے بینکوں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایکسیس ٹو فائنانس پلان پر پیش رفت کے حوالے سے ماہانہ جائزہ اجلاس کی صدارت وہ خود کریں گے، حکومت مالی سہولیات تک رسائی بڑھا کر معیشت کو مزید مضبوط اور برآمدات پر مبنی بنانا چاہتی ہے۔

بقیہ 32

یا اس سے کم بجلی استعمال کرنے والے پروٹیکٹڈ صارفین ہی رہیں گے۔ پاور ڈویژن کے مطابق پروٹیکٹڈ صارفین کیٹگری کے لئے چھ ماہ بجلی کا بل 200 یونٹس سے کم ہونا ضروری ہے۔

بقیہ 33

پروٹیکشن اتھارٹی (پی ڈبلیو پی اے) ڈاکٹر لبنیٰ نذیر نے کہا کہ خواتین ہراسگی، گھریلو تشدد، جسمانی تشدد یا کسی بھی ہنگامی صورتحال میں بلاخوف ہیلپ لائن پر رابطہ کرسکتی ہیں، یہ نمبر مکمل طور پر ٹول فری ہے اور اس پر کال کرنے کے کوئی چارجز نہیں ہیں، جس کے ذریعے متاثرہ خواتین مفت اور فوری مدد حاصل کر سکتی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی متاثرہ خواتین کو قانونی معاونت، تحفظ اور رہنمائی فراہم کر رہی ہے جبکہ ہیلپ لائن پر موصول ہونے والی تمام شکایات کو سنجیدگی سے نمٹایا جاتا ہے اور درخواست گزار خواتین کی معلومات مکمل رازداری کے ساتھ محفوظ رکھی جاتی ہیں۔ ڈاکٹر لبنیٰ نذیر کا کہنا تھا کہ خواتین کیلئے محفوظ پنجاب، حکومت پنجاب کے عزم کا مظہر ہے، اور کسی بھی خاتون کو مشکل وقت میں تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ انہوں نے خواتین سے اپیل کی کہ ضرورت پڑنے پر فوری طور پر 080001737 پر رابطہ کریں۔

بقیہ 34

پروگرام کے پہلے مرحلے کیلئے فنڈ فراہم کرے گا، مالی معاونت بجلی کی ترسیل کا نظام بہتر بنانے پر خرچ کی جائے گی، رقم سے قومی پاور گرڈ کو جدید بنانے کا منصوبہ شروع کیا جائے گا۔ منصوبے سے بجلی کی بندش میں کمی لانے میں مدد ملے گی عالمی بینک کے مطابق ونڈ پاور کی مزید 640 میگاواٹ بجلی قومی گرڈ میں شامل ہوگی، منصوبہ قابلِ تجدید توانائی کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا جدید ٹرانسمیشن نظام سے بجلی کی لاگت کم کرنے میں مدد ملے گی، منصوبہ گھریلو، صنعتی، تجارتی صارفین کو بہتر بجلی فراہمی میں معاون ہوگا۔ اعلامیہ کے مطابق پروگرام کے تحت پاکستان میں بجلی کے نظام کو موسمیاتی تبدیلیوں کے مطابق مزید محفوظ بنایا جائے گا، منصوبے سے ہر سال تقریباً 8 لاکھ 32 ہزار ٹن کاربن اخراج میں کمی متوقع ہے۔ منصوبہ حکومت کی پاور سیکٹر اصلاحات کو بھی تقویت دے گا عالمی بینک کے مطابق منصوبے سے بجلی کی ترسیل بہتر اور نظام زیادہ مستحکم ہوگا پاکستان میں قابلِ تجدید توانائی کا حصہ بڑھانے کی کوششوں کو تقویت ملے گی۔

بقیہ 35

خطرات کو جنم دینے لگا ہے، امریکی تحقیقاتی ادارے کے مطابق بچوں میں سوشل میڈیا کا زیادہ استعمال خراب نیند، بے چینی، ڈپریشن اور تعلیمی مشکلات میں اضافہ کا سبب ہے، تحقیق نے خبردار کیا کہ ابتدائی عمر میں اسکرین کا زیادہ استعمال بچوں کی ذہنی، سماجی اور جسمانی نشوونما پر منفی اثرات مرتب کرسکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق سوشل میڈیا کا استعمال بچوں اور نوجوانوں کی دماغی نشوونما، رویوں اور جذباتی صحت پر اثر انداز ہو رہا ہے، سائبر مجرم اور منظم جعلساز گروہ بھی سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو استعمال کرتے ہوئے بچوں کے ذہنوں پر اثر انداز ہو رہے ہیں، دنیا کے مختلف ممالک بچوں کے ذہنی دباؤ کو کم کرنے کیلئے سوشل میڈیا پر پابندی یا مخصوص مواد پر بحث کر رہے ہیں۔ ڈیٹا بیس کی رپورٹ کے مطابق پاکستان میں 16 سال سے کم عمر بچوں کی آبادی تقریباً 10 کروڑ 98 لاکھ ہے جس میں بڑی تعداد موبائل یوزرز کی ہے، پاکستان میں بھی بچوں کے بہتر سوشل میڈیا استعمال کیلئے اسکولوں، والدین اور میڈیا کو آگاہی فراہم کرنی چاہیے۔

بقیہ 36

اور 21 کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق حالیہ ہفتے آلو 3.94 اور چکن 3.70 فیصد مہنگا ہوا جبکہ پیاز 3.54 اور آٹے کی قیمت میں 1.61 فیصد اضافہ ہوا۔ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے کے دوران انڈے، بیف اور تازہ دودھ سمیت دیگر کئی اشیا کی قیمتیں بڑھ گئیں۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک ہفتے میں ٹماٹر 23.3 فیصد سستے ہوئے جبکہ دال مونگ 2.15 اور دال مسور 0.52 فیصد سستی ہوئی۔ اس کے علاوہ پیٹرول، ڈیزل، ایل پی جی اور چینی کی قیمتوں میں بھی کمی ہوئی۔

بقیہ 37

کیا اور سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کیا ۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے زخمیوں کو بہترین طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے ۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ دکھ کی گھڑی میں سوگوار خاندان کے ساتھ ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مخدوش چھتوں/ دیواروں والے خستہ حال گھر کو "اپنا گھر...... محفوظ گھر" سکیم سے محفوظ بنائیں گے۔

بقیہ 38

145 افراد نے رجسٹریشن کروائی۔ صوبائی سطح پر پنجاب سے ایک لاکھ 36 ہزار، سندھ سے 88 ہزار 711، خیبر پختونخوا سے 45 ہزار، اسلام آباد سے 13 ہزار 729، بلوچستان سے 10 ہزار، آزاد جموں و کشمیر سے 2 ہزار 74 اور گلگت بلتستان سے 992 عازمین نے رجسٹریشن مکمل کی۔ رجسٹرڈ عازمین میں ایک لاکھ 74 ہزار مرد اور ایک لاکھ 22 ہزار خواتین شامل ہیں، جبکہ 33 سے 46 سال عمر کے ایک لاکھ 15 ہزار افراد سب سے بڑی عمرانی گروپ کے طور پر سامنے آئے ہیں۔ 60 سال سے زائد عمر کے رجسٹرڈ عازمین کی تعداد 38 ہزار 359 ریکارڈ کی گئی ہے۔

بقیہ 39

تعلقات، مسلم امہ کے اتحاد، عالمی امن، بین المذاہب ہم آہنگی، بین الپارلیمانی سفارت کاری، تجارت، سرمایہ کاری اور خطے کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کے مطابق چیئرمین سینیٹ نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب کے ساتھ اپنے تاریخی، برادرانہ، مذہبی اور ثقافتی تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب نے ہمیشہ ہر مشکل گھڑی میں پاکستان کا بھرپور ساتھ دیا اور دونوں ممالک کے تعلقات باہمی اعتماد، مشترکہ عقیدے اور دیرینہ تعاون پر استوار ہیں، جو وقت کے ساتھ مزید مضبوط ہو رہے ہیں۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ سعودی عرب میں مقیم لاکھوں پاکستانی دونوں ممالک کے درمیان مضبوط پل کا کردار ادا کر رہے ہیں اور اپنی محنت، صلاحیتوں اور خدمات کے ذریعے نہ صرف سعودی عرب کی ترقی میں حصہ ڈال رہے ہیں بلکہ پاکستان کے بہترین سفیر بھی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، توانائی اور اقتصادی تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں جن سے بھرپور استفادہ کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 40

فرار ہو کر قریبی دکان پہنچیں اور ایک کاغذ پر براہ کرم میری مدد کریں لکھ کر لوگوں کی توجہ حاصل کی۔ بعد ازاں جاپان کے مشرقی صوبے ایباراکی کی پولیس نے 49 سالہ خاتون ماسائے ساکورائی کو حملے کے شبہے میں گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ساکورائی 29 جون کو پیش آنے والے واقعے کے وقت متاثرہ خاتون کے ساتھ رہ رہی تھیں اور اسی دوران انہوں نے مبینہ طور پر اپنی ہاؤس میٹ کے ہونٹ سوئی اور دھاگے سے سی دیئے۔ پولیس واقعے کی مزید تحقیقات کر رہی ہے، جبکہ اس بات کی بھی چھان بین کی جارہی ہے کہ آیا اس گھر میں کوئی تیسرا شخص بھی رہتا تھا یا نہیں۔ جاپان کے سرکاری نشریاتی ادارے این ایچ کے کے مطابق زخمی خاتون نے پولیس کو بتایا کہ ملزمہ کسی تنازع پر غصے میں آ گئی اور میرے ہونٹ سی دیئے۔

بقیہ 41

ڈیم بنائے۔ جمعہ کو سینیٹ کی قائمہ کمیٹی آبی وسائل کا اجلاس سینیٹر جام سیف اللہ خان کی زیرصدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوا۔ کمیٹی کو بتایا گیا کہ خیبر پختونخوا نے تجاوزات کے 227 مقامات کی نشاندہی کی ہے، جن میں سے صرف 18 مقامات کی سیٹلائٹ تصاویر حاصل کی جا سکی ہیں جبکہ پنجاب نے 2737 مقامات رپورٹ کیے ہیں۔ چیئرمین کمیٹی نے سیلاب کی پیش گوئی اور دریائی نظم و نسق میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں دریائے چناب پر واٹر اسٹوریجز کی تعمیرات سے متعلق خصوصی اجلاس بلایا جائے، انڈس واٹر ٹریٹی کے تناظر میں مستقبل کے آبی ذخائر کی تعمیر اور قومی آبی سلامتی کے مضمرات پر کمیٹی کے خصوصی اجلاس میں انڈس واٹر کمشنر، وزارت خارجہ، عالمی بینک، این ڈی ایم اے اور فیڈرل فلڈ کمیشن کو بھی بلایا جائے۔ رکن کمیٹی خلیل طاہر نے دریائے راوی میں تجاوزات سے متعلق سوال اٹھایا کہ گزشتہ سال راوی میں سیلاب سے اربوں کا نقصان ہوا تھا، اس پر چیف انجینئر پنجاب نے بتایا کہ دریائے راوی سے آبادیاں ہٹا دی گئی ہیں۔

بقیہ 42

کر دی جس پر پولیس نے مؤثر جوابی کارروائی کی۔ شدید فائرنگ کے تبادلے کے نتیجے میں کمانڈر زاہد گروپ کے 4 دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ دہشت گرد گروپ ایس ایچ او تھانہ بانڈہ عمر نواز ضلع کرک اور انسپکٹر طاہر نواز ضلع کوہاٹ سال 2025 اور ڈی ایس پی اسد محمود، سب انسپکٹر انار گل سال 2026 و دیگر پولیس افسران و جوانان کی شہادت میں ملوث ہیں۔ ڈی پی او کرک کے مطابق ہلاک دہشت گردوں کی شناخت اور ان کے مجرمانہ ریکارڈ کے بارے میں مزید تفصیلات جمع کی جارہی ہیں۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ڈی پی او کرک اور ایس پی صدر کوہاٹ احسان شاہ موقع پر پہنچ گئے اور سرچ اپریشن کی نگرانی کر رہے ہیں، پولیس دہشت گردی کے خاتمے اور شرپسند عناصر کے خلاف کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رکھی جائیں گی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کرک کے علاقے میں بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر خیبر پختونخوا پولیس کی ستائش کی اور 4 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر پولیس کی پیشہ وارانہ مہارت کو سراہا۔ محسن نقوی نے کہا کہ خیبر پختونخوا پولیس نے ایک بار پھر بھارتی اسپانسرڈ دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا، کامیاب انٹیلی جنس آپریشن پر پولیس کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے فورسز پر عزم ہیں۔

بقیہ 43

کی تعمیر پر وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی کاوش کو سراہا۔ ارکان صوبائی اسمبلی نے ضلع خانیوال میں الیکٹرو بس سروس شروع کرنے پر وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ ارکان صوبائی اسمبلی نے ضلع خانیوال کے عوام کی طرف سے الیکٹرو بس کے آغاز پر شکریہ ادا کیا۔ رکن پنجاب اسمبلی عامر حیات ہراج نے ملاقات کے دوران حلقے کے عوام کی نمائندگی کرتے ہوئے کہا کہ خانیوال کے عوام پاکستان کی جدید ترین بس سروس کا آغاز کرنے پر وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو سلام پیش کرتے ہیں۔ رکن پنجاب اسمبلی رانا محمد سلیم نے کہا کہ خانیوال میں الیکٹرو بس کا اجرا نئے اور جدید ترین ٹرانسپورٹ کلچر کا آغاز ہے۔ رکن پنجاب اسمبلی اکبر حیات ہراج نے کہا کہ کبیر والا اور گردونواح کے عوام کے لئے الیکٹرو بس نعمت غیر مترقبہ سے کم نہیں۔ رکن پنجاب اسمبلی چوہدری ضیاء الرحمٰن نے کہا کہ جہانیاں اور گردونواح کے لوگ الیکٹرو بس کے اجرا پر وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے ممنون ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے خانیوال سمیت دیگر اضلاع میں الیکٹرو بس پہنچنے پر اظہار تشکر کیا اور کہا کہ خانیوال، جہانیاں اور کبیر والا میں الیکٹرو بس عوام کا حق ہے، کسی کا احسان نہیں۔ صوبہ بھر کے عوام کیلئے 1500 الیکٹرو بسیں لارہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ الیکٹرو بس محض ایک سہولت نہیں بلکہ نئے اور جدید ٹرانسپورٹ کلچر کا آغاز ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے خالق آباد تلمبہ روڈ ایس ایم لنک کے شکستہ پل کی تعمیر و مرمت جلد کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 44

افغان شہری کو فوری گرفتار کیا جائے گا جبکہ روزانہ کی بنیاد پر سے وفاقی وزارت داخلہ کو رپورٹ بھیجی جائے گی۔ رپورٹ میں بغیر ویزے کے پکڑے گئے افغان شہریوں کی تعداد جمع کی جائے گی جبکہ رپورٹ میں کی گئی کارروائی اور ان کی موجودہ حیثیت شامل ہوگی۔ واضح رہے وفاقی وزارت داخلہ نے 28 جون 2026 کو چاروں صوبائی چیف سیکرٹریز، چیف سیکرٹری گلگت بلتستان، چیف سیکرٹری آزاد کشمیر اور چیف کمشنر اسلام آباد کو فیصلوں پر عمل درآمد کے لیٹر لکھا تھا۔ وزارت داخلہ کے خط میں تمام ڈپٹی کمشنرز، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ضروری ہدایات جاری کرنے کے لیے کہا گیا تھا۔

بقیہ 45

خواتین پولیس اہلکاروں نے تھانہ کوہسار میں تشدد کا نشانہ بنایا جبکہ ذرائع نے بتایا کہ غیر ملکی خاتون نے لین دین کے معاملے پر پولیس کو خود سیکٹر ایف-6 بلایا تھا۔ ذرائع نے بتایا کہ پولیس نے چینی لڑکی کو دادرسی کے بجائے تشدد کا نشانہ بنا ڈالا۔ ویڈیو میں خواتین پولیس اہلکاروں کو چینی خاتون کو ڈانٹتے دیکھا جاسکتا ہے، جس پر ایس ایس پی آپریشنز نے واقعے کا نوٹس لے لیا۔ ایس ایس پی آپریشنز کی جانب سے ایس پی کو معاملے کی انکوائری کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 46

سے جمعے کو جاری کردہ آفس میمورنڈم کے مطابق وفاقی کابینہ نے وزیر اعظم کے 20 ستمبر 2021 کے فیصلے کی توثیق کرتے ہوئے ٹی ٹی ایس پے پیکج 2026 کی منظوری دی جس کے تحت پروفیسر، ایسوسی ایٹ پروفیسر اور اسسٹنٹ پروفیسر کی تنخواہوں کے موجودہ اسکیلز پر نظر ثانی کی گئی ہے۔ نظر ثانی شدہ اسکیل کے مطابق ٹی ٹی ایس پروفیسر کی کم از کم تنخواہ 3 لاکھ 94 ہزار 875 روپے سے بڑھا کر 4 لاکھ 7 ہزار 230 روپے، سالانہ اضافہ 19 ہزار 305 روپے سے بڑھا کر 20 ہزار 320 روپے جبکہ زیادہ سے زیادہ تنخواہ 6 لاکھ 84 ہزار 450 روپے سے بڑھا کر 7 لاکھ 12 ہزار 30 روپے کر دی گئی ہے۔ اسی طرح ایسوسی ایٹ پروفیسر کی کم از کم تنخواہ 2 لاکھ 63 ہزار 250 روپے سے بڑھا کر 3 لاکھ 70 ہزار 810 روپے، سالانہ اضافہ 15 ہزار 356 روپے سے بڑھا کر 18 ہزار 320 روپے اور زیادہ سے زیادہ تنخواہ 4 لاکھ 93 ہزار 590 روپے سے بڑھا کر 6 لاکھ 45 ہزار 610 روپے مقرر کی گئی ہے۔ اسسٹنٹ پروفیسر کی کم از کم تنخواہ 1 لاکھ 75 ہزار 500 روپے سے بڑھا کر 2 لاکھ 88 ہزار 20 روپے، سالانہ اضافہ 12 ہزار 65 روپے سے بڑھا کر 17 ہزار 720 روپے اور زیادہ سے زیادہ تنخواہ 3 لاکھ 56 ہزار 475 روپے سے بڑھا کر 5 لاکھ 53 ہزار 820 روپے کر دی گئی ہے۔ آفس میمورنڈم میں کہا گیا ہے کہ 30 جون 2026 کو ملازمت میں موجود ٹی ٹی ایس اساتذہ کی بنیادی تنخواہ کو نئے ٹی ٹی ایس 2026- اسکیل میں اسی مرحلے (اسٹیج) پر منتقل کیا جائے گا جس پر وہ موجودہ اسکیل میں فائز ہیں۔ وزارت خزانہ نے واضح کیا ہے کہ اس نظر ثانی کے مالی اثرات جامعات اپنے وسائل سے پورے کریں گی اور وفاقی حکومت اس مد میں کوئی اضافی مالی ذمے داری قبول نہیں کرے گی۔

بقیہ 47

گبول کا کہنا تھا کہ کمیٹی کا وفد اسلام آباد سے نکل کر خود کوئٹہ جائے اور زمینی حقائق کا جائزہ لے، بلوچستان صورتحال پر ان کیمرا بریفنگ اور ان ہاس میٹنگ بلائی جائے، امن وامان قائم کرنے والے اداروں کے ساتھ ہنگامی مشترکہ اجلاس بلایا جائے۔ چوہدری نصیر عباس نے کہا کہ بلوچستان کا مسئلہ سیاسی ہے، فوری طور پر آل پارٹیز کانفرنس بلائی جائے، اے پی سی میں پاکستان تحریکِ انصاف سمیت تمام سیاسی جماعتوں کو شامل کیا جائے۔ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا کہ بلوچستان کے حالات پر سیکیورٹی فورسز کے آپریشنز کے ساتھ سیاسی حل بھی ضروری ہے، بلوچستان میں صرف پیرا ملٹری آپریشنز اور طاقت کا استعمال کافی نہیں، صوبوں کا کردار اہم ہے، اٹھارہویں ترمیم کے بعد صوبائی حکومتوں کو بھی امن و امان کی ذمہ داری پوری کرنی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ کمیٹی کا اسلام آباد کے بجائے کوئٹہ جا کر بریفنگ لینے کا فیصلہ درست ہے، کوئٹہ میں تمام اسٹیک ہولڈرز اور سیکیورٹی حکام کو بلا کر تفصیلی ان کیمرا بریفنگ دی جائے گی۔

بقیہ 48

لیے جاری اقدامات، حکمت عملی اور حالیہ پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ نیشنل ای او سی کے مطابق وفد نے پاکستان کے انسداد پولیو پروگرام پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے اپنے مسلسل تعاون کے عزم کا اعادہ کیا۔ وفد نے پولیو کے خاتمے کی کوششوں میں حکومتِ پاکستان کی مؤثر قیادت اور مضبوط عزم کو بھی سراہا اور اس بات پر زور دیا کہ آئندہ 6 ماہ پاکستان سمیت دنیا بھر سے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے فیصلہ کن حیثیت رکھتے ہیں۔ وفد نے اس موقع پر پولیو وائرس کے خاتمے کی مہم کے ساتھ ساتھ معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات کے نظام کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا تاکہ بچوں کو قابلِ انسداد بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے صحت عامہ کا نظام مزید مؤثر بنایا جا سکے۔ دورے کے دوران پولیو اوور سائٹ بورڈ کے اراکین نے خواتین فرنٹ لائن ہیلتھ ورکرز سے بھی ملاقات کی، ان کے حوصلہ افزا تجربات سنے اور ملک بھر میں پولیو کے خاتمے کے لیے انجام دی جانے والی ان کی گراں قدر خدمات کو سراہا۔ وفد نے فرنٹ لائن ہیلتھ ورکرز کی غیر معمولی کاوشوں کو پولیو کے خاتمے کی جدوجہد میں کلیدی قرار دیتے ہوئے ان کے کردار کی بھرپور تعریف کی۔

بقیہ 49

اصلاحات، بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی کارکردگی، توانائی کے شعبے کی مالی بہتری، ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان پاور ڈویژن کے مطابق یہاں وزارت توانائی میں ملاقات کے دوران وفاقی وزیر نے گورنر خیبر پختونخوا کو پاور سیکٹر میں جاری جامع اصلاحات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ دو برسوں کے دوران حکومت نے شعبہ توانائی کو مالی، انتظامی اور تکنیکی بنیادوں پر مستحکم بنانے کے لیے متعدد اہم اقدامات کیے ہیں۔ اس کے نتیجے میں تقسیم کار کمپنیوں کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئی، لائن لاسز اور مالی خسارے میں خاطر خواہ کمی واقع ہوئی جبکہ گردشی قرضے میں تقریباً 780 ارب روپے کی کمی لائی جاچکی ہے۔ سردار اویس احمد خان لغاری نے بتایا کہ اضافی پیداواری صلاحیت کے چیلنج سے نمٹنے کے بعد حکومت اب روایتی بجلی خریداری کے نظام سے آگے بڑھتے ہوئے مسابقتی بجلی مارکیٹ کے قیام کی جانب تیزی سے پیش رفت کر رہی ہے

بقیہ 50

کے آٹھویں اجلاس کی صدارت کی۔ جمعہ کو دفتر خارجہ کے مطابق اجلاس میں کانفرنس کی حتمی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری انسانی حقوق نے کانفرنس کے پروگرام، غیر ملکی وفود کی سہولت، پروٹوکول، سیکیورٹی، لاجسٹکس، میڈیا انتظامات اور بین الوزارتی رابطہ سے متعلق کئے گئے انتظامات پر جامع بریفنگ دی تاکہ کانفرنس کا انعقاد خوش اسلوبی اور کامیابی کے ساتھ یقینی بنایا جاسکے۔ نائب وزیر اعظم نے متعلقہ حکام کی محنت اور کاوشوں کو سراہتے ہوئے ہدایت کی کہ دنیا بھر سے اس اہم کانفرنس میں شرکت کے لئے آنے والے وفود کے قیام کو ہر ممکن حد تک آرام دہ اور خوشگوار بنایا جائے اور انہیں پاکستانی مہمان نوازی کی بہترین روایت کے مطابق بھرپور استقبال اور سہولیات فراہم کی جائیں۔ اجلاس میں وفاقی وزیر قانون و انصاف، وزیر اعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، سیکرٹری خارجہ، سیکرٹری انسانی حقوق اور متعلقہ وزارتوں کے دیگر سینئر حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 51

جسٹس مزمل اختر شبیر نے شہری ناصر علی رانجھا کی درخواست منظور کرتے ہوئے آٹھ صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا، فیصلے میں کہا گیا ہے کہ قومی شناختی کارڈ کسی بھی شہری کی قانونی شناخت کا بنیادی ذریعہ ہے اور اس کی معطلی یا بلاک کیے جانے کے معاملے میں سپریم کورٹ پہلے ہی واضح قانونی اصول وضع کر چکی ہے، جن کی موجودگی میں ماتحت عدالتیں ایسے احکامات جاری نہیں کر سکتیں۔ عدالت کے روبرو درخواست گزار ناصر علی رانجھا نے موقف اختیار کیا کہ ان کی اہلیہ نے نان و نفقہ کی ڈگری پر عملدرآمد کے لیے فیملی کورٹ سے رجوع کیا، جس پر فیملی کورٹ نے ان کا قومی شناختی کارڈ بلاک کرنے کا حکم جاری کر دیا، اس حکم کے خلاف سیشن کورٹ گجرات میں اپیل دائر کی گئی، تاہم سیشن کورٹ نے درخواست مسترد کر دی۔ درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ جب فیملی کورٹ نے انہیں طلب کیا تو وہ اس وقت پاکستان میں موجود نہیں تھے، اس کے باوجود شناختی کارڈ بلاک کرنے کا حکم جاری کیا گیا، جو قانون اور عدالتی نظائر کے منافی ہے۔ لاہور ہائیکورٹ نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ قومی شناختی کارڈ صرف ایک شناختی دستاویز نہیں بلکہ شہری کے بنیادی حقوق، قانونی حیثیت، بینکاری، سفری سہولیات، سرکاری خدمات اور دیگر روزمرہ معاملات سے براہ راست وابستہ ہے، اس لیے اسے بلاک کرنا کسی شہری کے بنیادی حقوق کو متاثر کرتا ہے۔

بقیہ 52

برائے منصوبہ بندی، ترقی و اصلاحات پروفیسر احسن اقبال نے وڈیو لنک کے ذریعے کی۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک، چیئرمین این ڈی ایم اے اور متعلقہ وفاقی و صوبائی اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ایمرجنسی رسپانس کمیٹی نے مون سون 2026 کے لیے متعلقہ اداروں کی جانب سے اب تک کی گئی تیاریوں اور ہنگامی ردعمل کے نظام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر صوبائی اداروں کی جانب سے مون سون کے دوران ممکنہ خطرات سے نمٹنے اور بالخصوص شمالی علاقہ جات میں محفوظ سیاحت کو یقینی بنانے کے حوالے سے کی گئی تیاریوں پر بریفنگ دی گئی۔

بقیہ 53

گھر کی تیسری منزل سے گرنے کے باعث موت واقع ہوگئی۔ جس کا قتل یا کچھ اور پولیس تھانہ کینٹ نعش کو پوسٹمارٹم کے لئے تحویل لیکر مختلف پہلوں پر مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 54

کیے بغیر مسماری کے احکامات نہیں دیے جا سکتے۔ منصفانہ قانونی کارروائی (ڈیو پروسیس) ہر مقدمے میں لازمی آئینی تقاضا ہے۔ مزید یہ کہ عدالت کا مقصد غیر قانونی تعمیرات کو قانونی تحفظ دینا نہیں، صرف قانون کے مطابق کارروائی کو یقینی بنانا ہے۔ عدالت کے مطابق کراچی میں غیر قانونی تعمیرات سے نمٹنے کے لیے مؤثر قانونی نظام اور متعلقہ ادارے پہلے سے موجود ہیں۔ سندھ حکومت اور متعلقہ ادارے غیر قانونی تعمیرات کی نگرانی اور کارروائی کے آئینی و قانونی طور پر پابند ہیں۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ وفاقی آئینی عدالت نے 21 دسمبر 2018 اور 22 جنوری 2019 کے سپریم کورٹ کے احکامات اور ان کے تحت ہونے والی کارروائیاں واپس لے لیں۔ فیصلے میں جسٹس سید ارشد حسین شاہ نے اضافی نوٹ میں لکھا کہ شہریوں کے بنیادی حقوق اور عوامی سہولیات کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے۔

ایچ نائن بازار میں آتشزدگی کے واقعے کی انکوائری رپورٹ جاری

آگ ابتدائی طور پر سٹال نمبر سی 432 اور سی 433 میں لگی، رات پونے 10 بجے آگ کو دکانداروں نے بجھانے کی کوشش کی

ونڈرز کی جانب سے سٹالز کو بطور گودام استعمال کرنے اور کرایہ پر دینے کا انکشاف، فائر سیفٹی سٹینڈرڈز کا خیال نہیں رکھا گیا

اسلام آباد: (اے ایف پی) وفاقی دارالحکومت کے سیکٹر ایچ نائن بازار میں آگ لگنے کے واقعے کی انکوائری رپورٹ جاری کر دی گئی، جس میں کئی چونکا دینے والے انکشافات سامنے آئے ہیں۔ تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق آگ ابتدائی طور پر سٹال نمبر سی 432 اور سی 433 میں لگی، رات پونے 10 بجے آگ کو دکانداروں نے بجھانے کی کوشش کی، فائر بریگیڈ کو 9 بج کر 51 منٹ پر اطلاع دی گئی۔ (بقیہ نمبر 12)

ایس ایس پی آپریشنز سیف سٹی کی گاڑیوں کی انسپکشن

افسران کو تمام گاڑیوں کو درست حالت میں رکھنے کے احکامات جاری

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز سیف سٹی کیپٹن ریٹائرڈ حمزہ ہمایوں نے سیف سٹی ڈویژن میں موجود گاڑیوں کی انسپکشن کے ساتھ ان کی اوور ہالنگ اور مینٹیننس کا جائزہ لیا اور افسران کو تمام گاڑیوں کو درست حالت میں رکھنے کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس آپریشنز سیف سٹی کیپٹن ریٹائرڈ حمزہ ہمایوں (بقیہ نمبر 13)

راولپنڈی پولیس کی ڈکیتی و چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگز کے خلاف کارروائیاں، دو گینگز کے تین افراد گرفتار، مسروقہ رقم 67 ہزار روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد

ناجائز اسلحہ رکھنے والے 3 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے 3 ملزمان گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ ریس کورس، چکلالہ اور کہوٹہ کے علاقوں میں کی گئیں، ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

3 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 3 ملزمان گرفتار کر کے چرس اور شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 01 کلو 600 گرام چرس برآمد کی، ویسٹریج پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 15 لیٹر شراب برآمد کی، پیرودھائی پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 10 لیٹر شراب برآمد کی، ملزمان کیخلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

اندھے قتل کا معمہ حل، مقتولہ کی پوتی اور پوتی کا شوہر قاتل نکلے

راولپنڈی (این این آئی) سول لائنز پولیس نے اندھے قتل کا معمہ حل کر دیا، مقتولہ کی پوتی اور پوتی کا شوہر قاتل نکلے۔ تفصیلات کے مطابق سول لائنز پولیس نے مؤثر تفتیش و کارروائی کرتے ہوئے اندھے قتل کا معمہ حل کر دیا، مقتولہ کی پوتی اور پوتی کا شوہر قاتل نکلے، زیر حراست افراد نے چند روز قبل ضعیف العمر خاتون کو قتل کر کے طبعی موت کا رنگ دینے کی کوشش کی، مقتولہ کے جسم پر تشدد کے نشانات پائے جانے پر پوسٹمارٹم کروا کر قانونی کارروائی کا آغاز کیا گیا، سول لائنز پولیس نے پوسٹمارٹم رپورٹ (بقیہ نمبر 16)

باپ بیٹے کو قتل کرنیوالے مرکزی ملزم عاطف کی کھیتوں سے لاش برآمد

اے ایس پی سید دانیال حسن کی سربراہی ایس ایچ او طیب بیگ نفری کے ہمراہ موقع پر پہنچے لاش پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل

مویشیوں کے تنازع پر دوہرے قتل کے مقدمے میں نامزد مفرور ملزم کی موت کی وجوہات پر تحقیقات شروع

گوجرخان (قمر شہزاد) تھانہ گوجرخان کے نواحی گاؤں کھینگر مدال میں باپ بیٹے کے دوہرے قتل کے مقدمے میں نامزد مرکزی ملزم ماسٹر عاطف کی لاش مقامی کھیتوں سے برآمد ہوئی ہے۔ پولیس نے واقعے کو مشکوک قرار دیتے ہوئے تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، چند روز قبل پیش آنے والے لرزہ خیز دوہرے قتل کی واردات کے بعد مفرور ملزم ماسٹر عاطف کی لاش کھیتوں میں ملنے کی اطلاع پر اے ایس پی گوجرخان سید دانیال حسن ایس ایچ او مرزا طیب ظہیر بیگ پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ فوری موقع پر پہنچے ۔(بقیہ نمبر 5)

سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی کمپلیٹ سیل میں آئے شہریوں سے ملاقات

کندھ کوٹ کے قریب نوجوان تالاب میں ڈوب کر جاں بحق

واقعے کی اطلاع ملتے ہی مقامی افراد نے تلاش کا عمل شروع کر دیا

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ): کندھ کوٹ کے نواحی علاقے قمبرانی لاڑی کے قریب سندھ تالاب عبور کرتے ہوئے قمبرانی برادری سے تعلق رکھنے والا نوجوان اسد پانی میں ڈوب کر جاں بحق ہوگیا۔ واقعے کے بعد علاقے میں کہرام مچ گیا اور اہل خانہ سمیت بڑی تعداد میں مقامی افراد جائے وقوعہ پر پہنچ گئے۔ عینی شاہدین کے مطابق نوجوان تالاب کراس (بقیہ نمبر 10)

آئی جی اسلام آباد کا پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز کے انٹری پوائنٹ کا دورہ

افسران کو مستعدی کیساتھ فرائض سرانجام دینے کے احکامات جاری کئے

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز کے انٹری پوائنٹ کا دورہ کر کے سیکیورٹی انتظامات ،انٹری مینجمنٹ اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا، تمام افسران کو مستعدی کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دینے اور بھرپور سیکیورٹی انتظامات کو یقینی بنانے کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز کے انٹری پوائنٹ کا دورہ کیا۔ (بقیہ نمبر 21)

ایس ایس پی انوسٹیلیشن بنا ناصر علی خان کا بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی، ایس ایس پی انوسٹیلیشن نے ڈی ایس پی وارث خان رانا نعیم یاسین کو تعریفی لیٹر سے نوازا

ڈاکٹر طیبہ ظریف راولپنڈی ویمن یونیورسٹی کی وائس چانسلر مقرر

راولپنڈی (این این آئی) سندھ سے تعلق رکھنے والی گورنمنٹ کالج حیدرآباد کی سابق وائس چانسلر ڈاکٹر طیبہ ظریف کو جامعہ خواتین راولپنڈی (ویمن یونیورسٹی) کا 4 برس کیلئے وائس چانسلر مقرر کر دیا گیا۔ پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف اس وقت نوابشاہ یونیورسٹی میں ڈین کے عہدے پر تعینات ہیں۔ انھوں نے جامعہ کراچی سے ایجوکیشن میں اعلیٰ تعلیم حاصل کی تھی۔

ڈپٹی کمشنر جہلم میر رضا اوزگن نے ضلع کچہری کا تفصیلی دورہ

جہلم (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر جہلم میر رضا اوزگن نے ضلع کچہری کا تفصیلی دورہ کیا اور سائلین و وکلاء کو درپیش پارکنگ کے دیرینہ مسئلے کے حل کے لیے مختلف مقامات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے کچہری اور اطراف میں ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کے لیے منظم پارکنگ زونز قائم کرنے اور راستوں سے تمام تجاوزات فوری ہٹانے کے احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی سہولت کے لیے کچہری میں پینے کے صاف پانی اور بیٹھنے کے مناسب انتظامات بھی یقینی بنائے جائیں تاکہ عوام کو دفتری امور (بقیہ نمبر 26)

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ملاوٹی دودھ کے خلاف کارروائی

2 ہزار لیٹر ناقص دودھ تلف، 2 لاکھ 70 ہزار روپے جرمانے

راولپنڈی (سی ایم لنکس) پنجاب فوڈ اتھارٹی راولپنڈی نے ملاوٹی اور ناقص دودھ کی سپلائی کے خلاف علی الصبح موثر وے ٹول پلازہ پر ناکہ بندی کرتے ہوئے کامیاب کارروائی کی جس کے دوران 2 ہزار لیٹر پانی ملا دودھ موقع پر تلف کر دیا گیا جبکہ ناقص دودھ سپلائی کرنے پر 13 دودھ بردار گاڑیوں کے مالکان کو مجموعی طور پر 2 لاکھ 70 ہزار روپے جرمانہ (بقیہ نمبر 6)

پنجاب فوڈ اتھارٹی کے ملاوٹی دودھ کیخلاف کارروائی کی جارہی ہے

ڈپٹی کمشنر جہلم میر رضا اوزگن کا ڈسٹرکٹ ایجوکیشن دفتر کا اچانک دورہ

ضلع کے تمام اسکولوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا

جہلم (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر جہلم میر رضا اوزگن کا ڈسٹرکٹ ایجوکیشن دفتر کا اچانک دورہ، انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر جہلم میر رضا اوزگن نے محکمہ تعلیم کے انتظامی امور اور دفتری کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن دفتر کا اچانک دورہ کیا۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی او) ایجوکیشن نازیہ شہزادی نے ڈپٹی کمشنر کو ضلع بھر کے تعلیمی انتظامات، اساتذہ اور دفتری عملے کی حاضری، اور اسکولوں (بقیہ نمبر 27)

ایل پی جی مافیا اور سپلائی چین کا ابہام، سارا ملبہ غریب عوام پر گرے گا

سرکاری و نجی گیس کی بیک وقت فروخت اوگرا نرخوں کا جنازہ نکل گیا ذرائع، پلانٹس سے مہنگی ایل پی جی ملتی ہے، ایجنسی مالکان

دکانیں سیل کرنے کے بجائے گیس خریداری کے پورے کالے دھندے کا جامع آڈٹ کیا جائے، شہریوں کا کمشنر راولپنڈی سے بڑا مطالبہ

گوجرخان (قمر شہزاد) تحصیل گوجرخان میں ایل پی جی کی قیمتوں اور اوگرا کے مقررہ نرخوں پر عمل درآمد کا معاملہ ایک پیچیدہ صورت اختیار کر گیا ہے، جہاں سپلائی چین کے مختلف مراحل میں پائے جانے والے ابہام کا براہِ راست بوجھ عوام پر پڑ رہا ہے۔ اوگرا کی جانب سے گھریلو ایل پی جی سلنڈر کی قیمت 2,848 روپے مقرر کیے جانے کے باوجود مقامی سطح پر اس نرخ پر فراہمی یقینی نہیں بن سکی، جس سے شہریوں کے ساتھ ساتھ ڈسٹریبیوٹر اور ایجنسی مالکان بھی مشکلات سے دوچار ہیں۔ ذرائع کے(بقیہ نمبر 7)

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں جاری تربیتی پروگرام کا جائزہ لیا

نجی کارگو طیارے کا ملبا تفتیشی ٹیم کے سپرد، بلیک باکس، عملے کے 5 ارکان کی تلاش جاری

کراچی (این این آئی) بلوچستان کے ساحل کے قریب لاپتا ہونیوالے نجی کارگو طیارے کا ملنے والا ملبہ بیورو آف ایئر کرافٹ سیفٹی انویسٹی گیشن ٹیم کے سپرد کر دیا گیا، طیارے کے بلیک باکس اور عملے کے پانچوں ارکان کی تلاش جاری ہے۔ ترجمان پاکستان ایئر پورٹس اتھارٹی (پی اے اے) کے مطابق کارگو طیارے کے مزید ملبے اور عملیکی تلاش (بقیہ نمبر 28)

سابق اراکین اسمبلی کو بلیو پاسپورٹ دینے کا بل منظور

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ قائمہ کمیٹی داخلہ نے سابق اراکین اسمبلی کو بلیو پاسپورٹ دینے کا بل منظور کر لیا۔ سینیٹر عبدالقادر کی جانب سے دی ممبرز آف پارلیمنٹ (سیلریز اینڈ الاؤنسز) ترمیمی ایکٹ 2026 پیش کیا گیا۔ بل کے مطابق سابق اراکین پارلیمنٹ کو مفت آفیشل (بلیو) پاسپورٹ کا حقدار بنایا جائے گا، سابق ارکان پارلیمنٹ کے شریک حیات اور 28 سال سے کم عمر زیر کفالت بچے مفت بلیو پاسپورٹ حاصل کر سکیں گے۔

اسسٹنٹ کمشنر شاہکوٹ ثاقب عدنان کا مختلف بازاروں کا دورہ

دورے کے دوران بازاروں میں قائم تجاوزات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی

دکانداروں از خود تجاوزات ختم کر کے انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں

شاہکوٹ (میاں داؤد): حکومتِ پنجاب کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر ننکانہ کی ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر شاہکوٹ ثاقب عدنان نے شہر کے مختلف بازاروں کا دورہ کیا اور ناجائز تجاوزات کے خلاف کارروائی کی۔ دورے کے دوران بازاروں میں قائم تجاوزات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعدد بار تنبیہ کے باوجود تجاوزات برقرار رکھنے والے دکانداروں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ان کی دکانیں سیل کر دی گئیں، جبکہ کئی دیگر دکانداروں کو آئندہ تجاوزات نہ کرنے کی سخت وارننگ جاری کی گئی۔ اس (بقیہ نمبر 11)

25 محرم الحرام، راولپنڈی، مری، کشمیر روڈ نو گھنٹے بند رہے گی

ٹریٹ سیداں کے علاقے میں خصوصی ٹریفک پلان مرتب کر لیا ہے، ترجمان

راولپنڈی (این ای این) چیف ٹریفک آفیسر مری منیر احمد ہاشمی کی ہدایت پر سٹی ٹریفک پولیس مری نے 25 محرم الحرام کے سالانہ جلوس کے سلسلے میں ٹریٹ سیداں کے علاقے میں خصوصی ٹریفک پلان مرتب کر لیا ہے۔ ترجمان سٹی ٹریفک پولیس کے مطابق جلوس کے دوران ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے، سیکیورٹی انتظامات کو مؤثر بنانے اور شہریوں کو ممکنہ مشکلات سے بچانے کے لیے خصوصی ڈائیورژن پلان بھی نافذ کیا جائے گا۔ ترجمان کے مطابق (بقیہ نمبر 22)

راولپنڈی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ پروگرام کے 46 ویں بیچ کے اختتام پر شرکاء کا گروپ فوٹو

فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ پروگرام کے 46 ویں بیچ کا اختتام

طلباء و طالبات کو پولیس ورکنگ اور پولیسنگ کے مختلف شعبوں پر لیکچرز دیئے گئے

راولپنڈی (این این آئی) آئی جی پنجاب عبدالکریم کے ویژن کے مطابق راولپنڈی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ پروگرام کے 46 ویں بیچ کا اختتام ہوگیا، انٹرن شپ پروگرام میں مختلف تعلیمی اداروں کے طلباء و طالبات نے شرکت کی، دو ہفتے کے انٹرن شپ پروگرام میں سینئر پولیس افسران نے طلباء و (بقیہ نمبر 23)

پاکستان ٹیسٹ سکواڈ کے پری سیزن کیمپ راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں پولیس الہکار ڈیوٹی دے رہے ہیں

کانسٹیبل رضوان خان کی نماز جنازہ آرائے بازار غازی آباد میں ادا

ایس ایس پی آپریشنز، ڈی ایس پی کینٹ، ایس ایچ او زآرائے بازار کی شرکت

راولپنڈی (این این آئی) کانسٹیبل رضوان خان کی نماز جنازہ انکے رہائشی علاقہ آرائے بازار غازی آباد میں ادا کر دی گئی، نماز جنازہ میں ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب، ڈی ایس پی کینٹ، ایس ایچ او زآرائے بازار و ریس کورس، ایلیٹ فورس و ضلعی پولیس کے افسران و اہلکاروں سمیت شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق کانسٹیبل رضوان خان کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی، متوفی کی نماز جنازہ انکے رہائشی علاقہ آرائے بازار غازی آباد میں ادا کی گئی، نماز جنازہ میں ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب، ڈی ایس (بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد پولیس کا گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشن

13 مشکوک افراد، 28 موٹر سائیکل کو تھانہ جات منتقل کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشن کے دوران جانچ پڑتال کیلئے 13 مشکوک افراد اور 28 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل کیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ (بقیہ نمبر 25)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

آزاد کشمیر انتخابات، رتہ امرال میں لیگی کارکنوں کا بڑا پاور شو

حاجی ہاؤس میں ایک اہم مشاورتی اجلاس، مرکزی رہنما سعد رفیق اور ناصر بٹ نے کارکنوں میں جوش بھر دیا

حلقہ ویلی 4 کے امیدوار یاسین لون سمیت مقامی قیادت کی شرکت، انتخابی مہم تیز کرنے اور نئی کمیٹیاں تشکیل دینے کا فیصلہ

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) آزاد جموں وکشمیر کے آئندہ انتخابات کے سلسلے میں مسلم لیگ (ن) نے راولپنڈی کے علاقے رتہ امرال میں سیاسی سرگرمیاں تیز کرتے ہوئے حاجی ہاؤس میں ایک اہم مشاورتی اجلاس منعقد کیا۔ اجلاس کی صدارت مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما سینیٹر ناصر محمود بٹ نے کی جبکہ مرکزی رہنما خواجہ سعد رفیق نے لاہور سے خصوصی شرکت کر کے کارکنوں کے حوصلے بلند (بقیہ نمبر 4)

ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن نے "سیف سٹی محرم الحرام پیس کنٹرول" پر مجالس اور جلوس کی بہترین مانیٹرنگ/ بروقت کیو ٹیکلیشن ٹیم ورک پر اشفاق احمد SI اور انکی ٹیم کو تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا

چھری کے وار سے ماموں زاد کو قتل کرنے والا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) صادق آباد پولیس نے 3 روز قبل لین دین کے تنازعہ پر چھری کے وار سے ماموں زاد کو قتل کرنے والا شخص گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 3 روز قبل لین دین کے تنازعہ پر چھری کے وار سے ماموں زاد کو قتل کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا، مقتول زیر حراست شخص کی دکان پر (بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد، 18 اشتہاریوں سمیت 39 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث 18 اشتہاریوں سمیت 39 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس ٹیموں نے منشیات فروشی اور (بقیہ نمبر 19)

ہلال احمر (ریڈ کریسنٹ) میں روڈ سیفٹی سیمینار

سی ٹی او کی شرکت، شرکاء کو ٹریفک قوانین کی پابندی بارے آگاہ کیا گیا

ٹریفک قوانین کی پاسداری کو اپنی روزمرہ زندگی کا حصہ بنائیں، سی ٹی او

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ٹریفک پولیس نے ہلال احمر (ریڈ کریسنٹ) میں روڈ سیفٹی سیمینار کا انعقاد کیا جس میں چیف ٹریفک آفیسر کائنات اظہر خان کی بطور مہمان خصوصی شرکت کی، سیمینار کے دوران ایجوکیشن ونگ نے شرکاء کو ٹریفک قوانین کی پابندی، محفوظ ڈرائیونگ، سیٹ بیلٹ اور ہیلمٹ کے استعمال، رفتار کی حد، پیدل چلنے والوں کے حقوق اور دورانِ ڈرائیونگ موبائل فون کے استعمال سے اجتناب کے حوالے سے آگاہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ٹریفک پولیس نے ہلال احمر (ریڈ کریسنٹ) میں (بقیہ نمبر 18)

اے آئی جی اسٹیبلشمنٹ شعیب مسعود کا اردل روم

محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری

اسلام آباد (این این آئی) اے آئی جی اسٹیبلشمنٹ شعیب مسعود نے اردل روم کے دوران پولیس افسران کو درپیش محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر پولیس افسران کو درپیش محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی بنانے کیلئے اسسٹنٹ (بقیہ نمبر 15)

حاجی ہاؤس رتہ امرال آزاد کشمیر کا الیکشن کے حوالے کے سلسلے میں الیکشن کمیٹی کے عہدے داران کی میٹنگ کی صدارت سینئر نائب صدر محمود بٹ کر رہے ہیں جبکہ امیدوار حلقہ ویلی فور 4 یاسین لون سینئر مسلم لیگی رہنما سردار طارق حافظ عبداللہ بٹ مرزا منصور بیگ تنویر اختر شیخ ملک سلطان محمود سردار مدخان عامر بٹ رضوان عباسی حاجی گوگا بٹ اصغر اجپوت شازیہ ساجد محمد شفیق رانا سرفراز نسیم عرف نواز شریف ابراہیم بٹ الیکشن کی تیاریوں کے سلسلے میں اجلاس میں شریک ہیں

موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث ہیٹ ویو اور حبس میں اضافے کا خدشہ

ممکنہ متاثرہ اضلاع میں ہیٹ ویو کیمپس قائم، ہسپتالوں میں ہیٹ ویو کاؤنٹرز، ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جارہی، پی ڈی ایم اے

عوام 10 بجے سے 4 بجے کے دوران غیر ضروری طور پر گھر سے نہ نکلیں، ہلکے رنگ کے ڈھیلے کپڑے پہنیں اور پانی کا استعمال زیادہ کریں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایات کے پیش نظر صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے ہیٹ ویو سے نمٹنے کیلئے اقدامات شروع کر دیئے ہیں۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث ہیٹ ویو اور حبس کی صورتحال میں اضافے کا خدشہ ہے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے تحت ممکنہ متاثرہ اضلاع میں ہیٹ ویو کیمپس قائم کر دیئے گئے ہیں، ہسپتالوں میں ہیٹ ویو کاؤنٹرز اور ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے۔ پی ڈی ایم اے کا کہنا ہے (بقیہ نمبر 20)

موٹر سائیکل کھڑے ڈمپر سے جا ٹکرائی، خاتون جاں بحق، 2 افراد زخمی

نارنگ منڈی (این این آئی) نارنگ منڈی میں نارنگ موڑ کے قریب موٹر سائیکل سڑک کنارے کھڑے ڈمپر سے ٹکرا گئی جس کے باعث 45 سالہ خاتون جاں بحق، افراد زخمی ہو گئے۔ حادثے کی اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری اور امدادی ٹیمیں بھی موقع پر پہنچ گئیں، پولیس نے امدادی ٹیموں کی مدد سے جاں بحق ہونے والی خاتون اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ جاں بحق خاتون کا تعلق نارووال سے ہے، حادثے کی تحقیقات شروع کر دی گئی۔

راولپنڈی، نماز جمعہ کے دوران سکیورٹی اہلکار مختلف مساجد کے باہر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

کنڈھ کوٹ پیٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کیخلاف احتجاج

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں لیوی ٹیکس مہنگائی اور لوڈشیڈنگ کے خلاف جماعت اسلامی کی احتجاجی موٹر سائیکل ریلی

مسلسل بڑھتی مہنگائی اور ایندھن کی قیمتوں میں اضافے نے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، ریلیف فراہم کیا جائے

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کی ملک گیر احتجاجی کال پر ملک کے دیگر شہروں کی طرح ضلع کشمور کے شہر کندھ کوٹ میں بھی جماعت اسلامی کے زیر اہتمام پیٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں پیٹرولیم لیوی ٹیکس مہنگائی اور بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خلاف ایک بڑی احتجاجی موٹر سائیکل ریلی نکالی گئی ریلی میں نوجوانوں مزدوروں کسانوں تاجروں طلبہ اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت (بقیہ نمبر 8)

غیر قانونی پٹرول فروخت کرنے والوں کیخلاف کارروائی

سول ڈیفنس آفیسر کی موضع چاولی اور روپال، تھانہ نیلہ کے علاقوں میں کریک ڈاؤن

چکوال (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کی ہدایت پر سول ڈیفنس آفیسر چکوال مرید عباس نے غیر قانونی طور پر پٹرول فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے موضع چاولی اور روپال، تھانہ نیلہ کے علاقوں میں کریک ڈاؤن کیا۔ (بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد ہائیکورٹ کی انتظامی کمیٹی میں اہم تبدیلی کر دی گئی

چیف جسٹس سردار سرفراز ڈوگر انتظامی کمیٹی کے سربراہ ہوں گے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) اسلام آباد ہائیکورٹ کی انتظامی کمیٹی میں اہم تبدیلی کر دی گئی جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ چیف جسٹس سردار سرفراز ڈوگر انتظامی کمیٹی کے سربراہ ہوں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق جسٹس ارباب محمد طاہر اب انتظامی کمیٹی کا حصہ نہیں رہے، جسٹس ارباب محمد طاہر کی جگہ جسٹس انعام امین منہاس کمیٹی کا حصہ ہوں گے۔ جسٹس محمد آصف اور جسٹس اعظم خان پہلے ہی کمیٹی کے ممبر ہیں۔ چیف جسٹس (بقیہ نمبر 30)

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی نمل یونیورسٹی کے طلبہ سے میٹنگ، اسلام آباد پولیس کے ساتھ دو ماہ کے انٹرن شپ پروگرام کے حوالے سے رہنمائی فراہم کی

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ

ہم سے بنوایں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

Call / Whatsapp
0309-7900035

E-Commerce Website
Price: 6000/-